www.awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | منگل ، 17 نومبر 2026ء ، 7 جمادی الثانی 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 203

45 سال یا زائد عمر کی مستحق غیر شادی شدہ خواتین کو بھی پروگرام میں شامل کرنے کی منظوری

ون لنک اور چھ پارٹنر بینکوں کے ذریعے ڈیجیٹل موبائل والٹس متعارف، خواتین ملک بھر میں کہیں سے بھی رقم وصول کر سکیں گی، سینیٹر روبینہ خالد

رجسٹریشن وسروے مکمل طور پر مفت ہیں، ناجائز کٹوتی پر بینک جوابدہ ہوں گے ، چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد کی لاہور میں پریس کانفرنس



چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد خواتین سے مسائل پوچھ رہی ہیں

اسلام آباد (این ای این) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے کہا ہے کہ بی آئی ایس پی بورڈ نے 45 سال یا اس سے زائد عمر کی ایسی غیر شادی شدہ مستحق خواتین کو بھی پروگرام میں شامل کرنے کی منظوری دے دی ہے جن کی کبھی شادی نہیں ہوئی۔ اب یہ خواتین بھی مقررہ اہلیت کے معیار پر پورا اترنے کی صورت میں بی آئی ایس پی سے مالی معاونت حاصل کر سکیں گی۔ ان خیالات کا (بقیہ نمبر 1)

ایک لاکھ 45 ہزار سے زائد کیو آر پینک بٹن نصب

حفاظتی فیچرز نہ اپنانے والی آن لائن کیب سروسز کے خلاف کارروائی کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر لاہور سمیت صوبے بھر میں پبلک ٹرانسپورٹ کو محفوظ بنانے کے لیے گاڑیوں پر کیو آر پینک بٹن کی تنصیب کا عمل جاری ہے۔ اب تک ایک لاکھ 45 ہزار 832 گاڑیوں پر کیو آر پینک بٹن چسپاں کیے جا چکے ہیں جبکہ 40 ہزار سے زائد شہری سفر کے دوران پینک بٹن اسکین کر چکے ہیں۔ سی ٹی او لاہور کے مطابق لاہور میں 45 مختلف مقامات پر ٹریفک پولیس کی ٹیمیں گاڑیوں پر کیو آر پینک بٹن لگا رہی (بقیہ نمبر 8)

سالک حسین کا مریم نواز کو قانونی جواب

2 نوٹس بھی بھجوا دیے، مریم نواز اور عظمیٰ زاہد بخاری کو بھی ہتک عزت کے قانونی نوٹس بھجوانے کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانی و ترقی انسانی وسائل چودھری سالک حسین نے پنجاب میں کرپشن کے الزامات پر وزیراعلیٰ مریم نواز کی جانب سے بھیجے گئے 5 ارب روپے کے ہرجانے کے قانونی (بقیہ نمبر 11)

شوگر ملوں کو کرشنگ سیزن شروع کرنے کی باضابطہ منظوری

گنے پر 5 روپے فی 40 کلوگرام ڈیوسیس عائد، ملوں اور کاشتکاروں میں برابر تقسیم ہوگا، ڈاکٹر کرن خورشید

لاہور (این این آئی) حکومت پنجاب نے صوبے بھر میں کرشنگ سیزن 2026-27 کے لیے شوگر ملوں کو کرشنگ شروع کرنے کی باضابطہ منظوری دے دی ہے۔ سیکرٹری فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن ڈاکٹر کرن خورشید (بقیہ نمبر 10)

عوام سے کیے گئے تمام وعدے پورے کریں گے طلال چوہدری

جڑانوالہ میں اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری، یونیورسٹی کا قیام بھی جلد عمل میں لایا جائے گا

فیصل آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مملکت برائے داخلہ سینیٹر طلال چوہدری نے ممبر قومی اسمبلی بلال بدر چوہدری کے ہمراہ اندرون شہر کی مختلف سڑکوں پر جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا اور منصوبوں کی پیش رفت کا معائنہ کیا (بقیہ نمبر 9)



وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

عورتوں اور بچوں سے زیادتی پر موثر اور یقینی کارروائی کیلئے نیا اینٹی ریپ ایکٹ لانے کا حکم، جرائم کے مقدمات کا مقررہ مدت میں فیصلہ کرنا ضروری قرار

خواتین اور بچوں کے تحفظ کیلئے فیصلہ کن قانونی اقدامات

سرگودھا میں جرائم پیشہ افراد کے گینگ کے خاتمے پر اظہار تشکر، بچوں اور خواتین کیخلاف جرائم کے مقدمات کی فوری سماعت کیلئے سپیڈی کورٹ قائم کرنے کا فیصلہ

بچوں اور خواتین کے کیسز میں آڈیو وڈیو شہادتوں کی موثر ریکارڈنگ کا فیصلہ، کوالٹی آف انویسٹی گیشن اور پراسیکیوشن میں بہتری کیلئے اے آئی کی معاونت پر اتفاق

خواتین اور بچوں کیخلاف جرائم میں سزا کی شرح پر اظہار تشویش، زیادتی کا واقعات کے پیشگی سدباب کیلئے اقدامات کا حکم، پولیس افسروں کی کپیسٹی بلڈنگ کی ہدایت

پولیس اسٹیشن پر خواتین سے متعلق 1.24 ملین شکایات درج، وویمن ورچوئل پولیس اسٹیشن پر تقریباً سوا لاکھ شکایات درج، 92 فیصد پر کارروائی مکمل: آئی جی پولیس کی بریفنگ

چائلڈ سیفٹی پر درج شکایات پر 70 ہزار گمشدہ/اغوا کردہ بچے برآمد، 4 ہزار سپیشل بچوں کو واپس گھروں کو پہنچایا گیا، بچوں سے زیادتی کے 7588 کیسز حل

خواتین اور بچے معاشرے کا حساس طبقہ ہیں، زیادتی کے واقعات میں ملوث افراد کو قرار واقعی سزا کے لئے موثر قانون سازی کی جائے گی: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف

لاہور (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں خواتین اور بچوں کے تحفظ کیلئے فیصلہ کن قانونی اقدامات پر غور کیا گیا اور اہم فیصلے کیے گئے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے عورتوں اور بچوں سے زیادتی پر موثر اور یقینی کارروائی کیلئے نیا اینٹی ریپ ایکٹ لانے کا حکم دیا۔ اجلاس میں بچوں اور خواتین کے خلاف جرائم کے مقدمات کی فوری سماعت کیلئے سپیڈی کورٹ قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس موقع پر بچوں اور خواتین (بقیہ نمبر 18)



لاہور: وزیر اطلاعات وثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری ڈی جی پی آر میں پریس کانفرنس کر رہی ہیں

پناہ کے زیر اہتمام عالمی یوم دیابیطس پر آگاہی واک سیمینار

غیر صحت بخش غذاؤں پر انتباہی لیبلز اور میٹھے مشروبات پر ٹیکس عائد کیا جائے ، جنرل سیکرٹری پناہ ثناء اللہ گھمن

میڈیکل کیمپ میں 24 ماہر ڈاکٹروں نے مریضوں کا مفت معائنہ کیا اور ادویات فراہم کیں

جہلم (این ای این) پاکستان چیسٹ ہارٹ ایسوسی ایشن (پناہ) نے عالمی یوم ذیابیطس کے موقع پر جہلم میں ایک آگاہی واک اور تعلیمی و آگاہی سیشن کا انعقاد کیا، جس کا مقصد پاکستان میں ذیابیطس اور دیگر غیر متعدی بیماریوں (NCDs) کے بڑھتے ہوئے بوجھ سے نمٹنے کے لیے مؤثر احتیاطی اقدامات کی فوری ضرورت کو اجاگر کرنا تھا۔ مقامی آبادی کو طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے ایک مفت (بقیہ نمبر 5)



اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ایس ایم ای سیکٹر کے ایکسپورٹرز کا وفد ملاقات کر رہا ہے

راولپنڈی ویمن یونیورسٹی کی طالبات کا اعزاز

ہونہار پنجاب ٹیکنالوجی ایکسپو میں پہلی اور تیسری پوزیشن حاصل کر لی، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر طیبہ ظریف کی طالبات و اساتذہ کو مبارکباد

شعبہ کیمسٹری کی طالبات کے زخم بھرنے والی نینو پٹی اور ماحول دوست بائیوڈی گریڈ ایبل فلم کے منصوبوں کو بالترتیب 5 لاکھ اور 75 ہزار روپے انعام ملا

راولپنڈی (این ای این) راولپنڈی ویمن یونیورسٹی کے شعبہ کیمسٹری کے دو تحقیقی منصوبوں نے لاہور میں منعقدہ "ہونہار پنجاب انوویشن اینڈ ٹیکنالوجی ایکسپو 2026" میں صحت، طب اور حیاتی طبی علوم کی کیٹگری میں پہلی اور تیسری پوزیشن حاصل کر لی۔ پہلی پوزیشن پر پانچ لاکھ روپے اور تیسری پوزیشن پر پچھتر ہزار روپے نقد انعام دیا گیا۔ پنجاب ہائر ایجوکیشن کمیشن کے زیر اہتمام یہ دو روزہ ایکسپو (بقیہ نمبر 6)



ہونہار پن ٹیک ایکسپو 2026 لاہور میں پہلی اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے کے بعد وائس چانسلر راولپنڈی ویمن یونیورسٹی ڈیجیٹل مہران افسران اور طالبات کا گروپ فوٹو

جماعت اسلامی کا بلدیاتی الیکشن میں حصہ لینے کا اعلان

عوام جانتے ہیں یہ جعلی حکومتیں ہیں، جو فارم 47 پر لائی گئی ہیں، لیاقت بلوچ

لاہور (این این آئی) جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی پنجاب کے بلدیاتی انتخابات میں اپنے تحفظات کے باوجود حصہ لے گی۔ اپنے بیان میں لیاقت بلوچ نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی (بقیہ نمبر 24)

چیف جسٹس ہائیکورٹ عالیہ نیلم نے 10 سال پرانی درخواست نمٹا دی

لاہور (این این آئی) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے پولیس ہراسانی کے خلاف 10 سال قبل دائر کی گئی درخواست نمٹا دی۔ درخواست گزار آسیہ اسلم نے اپنے پانچ بچوں کے ہمراہ 2016 میں پولیس ہراسانی کے خلاف درخواست دائر کی تھی۔ جس میں موقف اختیار کیا گیا تھا کہ ان کے خاوند کی گرفتاری کے باوجود پولیس انہیں اور ان کے نابالغ بچوں کو ہراساں کر رہی ہے۔ (بقیہ نمبر 19)

پنجاب بھر میں ناجائز منافع خوری کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

1 کروڑ 20 لاکھ 78 ہزار کے جرمانے ،ایک ہفتے کے دوران 4 لاکھ 42 ہزار 768 انسپکشنز

سترہ ہزار 221 خلاف ورزیاں سامنے آئیں، 6 مقدمات درج 255 افراد گرفتار

لاہور (این این آئی) سیکرٹری فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن پنجاب ڈاکٹر کرن خورشید نے بتایا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر صوبہ بھر میں اور چار جنگ اور ناجائز منافع خوری کے خلاف پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کا کریک ڈاؤن جاری ہے۔ 9 نومبر سے 15 نومبر 2026 تک کی ہفتہ وار کارکردگی رپورٹ کے مطابق صوبہ بھر میں مختلف اشیائے ضروریہ کی قیمتوں اور سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد یقینی (بقیہ نمبر 20)

موٹروے پر شدید دھند کا راج، مختلف سیکشنز ٹریفک کیلئے بند

دھند کے موسم میں صبح 10 بجے سے شام 6 بجے تک سفر زیادہ محفوظ رہتا ہے

لاہور (این این آئی) پنجاب کے مختلف علاقوں میں شدید دھند کے باعث موٹروے ایم 3 اور ایم 4 کو ٹریفک کے لیے بند کر دیا گیا۔ موٹروے پولیس کے ترجمان سید عمران احمد کے مطابق موٹروے ایم 3 رجانہ سے درخانہ تک، ایم 4 پنڈی بھٹیاں سے (بقیہ نمبر 2 2)

کسانوں میں بیلرز کے استعمال کا رجحان فروغ پا رہا ہے، مریم اورنگزیب

24 گھنٹوں کے دوران 61 صنعتی یونٹس کی انسپکشن ،خلاف ورزی پر 3 سیل، 5 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا گیا

فصلوں کی باقیات کو آگ نہ لگائیں، دھواں پھیلانے سے گریز کریں اور اپنی گاڑیوں کی فوری فٹنس سرٹیفکیشن کروائیں



لاہور: وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر برائے تجارت وصنعت رانا احسان افضل خان یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی (یو ایم ٹی) لاہور میں منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ کسانوں میں سپر سیڈرز، کوٹا ہارویسٹرز اور بیلرز کے استعمال کا رجحان فروغ پا رہا ہے، پنجاب میں دھان کی 93.6 فیصد (59 لاکھ ایکڑ) پر کٹائی مکمل ہو چکی ہے جبکہ کٹائی کیلئے 187 بیلرز اور 1259 کوٹا مشینیں فعال ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ سپر سیڈر ٹیکنالوجی کے ذریعے 17 لاکھ 92 ہزار ایکڑ رقبے پر گندم کی کاشت مکمل کی جا چکی ہے۔ فصلوں کی باقیات جلانے کے 402 واقعات رپورٹ ہوئے جن پر 222 مقدمات درج اور 31 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ 13 سے 15 نومبر کے دوران باقیات جلانے پر مزید 3 ایف آئی آرز بھی درج (بقیہ نمبر 23)

سرگودھا کی 2 سگی بہنیں چیف بلدیات تعینات

سرگودھا (این این آئی) محکمہ بلدیات پنجاب نے سرگودھا کی 2 سگی بہنوں کو چیف بلدیات تعینات کر دیا۔ ذرائع کے مطابق محکمہ بلدیات پنجاب نے سرگودھا کے (بقیہ نمبر 13)

کرش پلانٹ کی چار دیواری گرنے سے 2 افراد جاں بحق

مقامی لوگوں نے ملبے سے دو لاشوں اور ایک زخمی کو نکال کر وارڈ ی ہسپتال منتقل کر دیا

اپر دیر (این این آئی) دیر بالا کے علاقے انگرام میں کرش پلانٹ کی چار دیواری گرنے سے 2 افراد جاں بحق اور ایک شخص زخمی ہو گیا۔ ریسکیو 1122 کے مطابق کرش پلانٹ کی چار دیواری گرنے سے کرش لوڈ کرنے والے مزدور گاڑی سمیت دب گئے۔ ریسکیو (بقیہ نمبر 12)

آئینی ریپ ایکٹ لانے اور خصوصی عدالتیں قائم کرنے کا فیصلہ

یہ عدالتیں خواتین، بچوں کیخلاف جرائم کے مقدمات میں تیز رفتاری سے ٹرائل مکمل کر کے متاثرین کو فوری انصاف دلائیں گی

کرپشن ہر صوبے میں ہوتی ہے لیکن اس کے خلاف کارروائی صرف پنجاب میں ہوتی ہے، عظمیٰ بخاری

مریم نواز کی کسی سے ذاتی لڑائی نہیں انکی توجہ صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں اور حکومتی اقدامات پر ہے

نئے صوبوں کے قیام سے متعلق پارٹی قیادت جو فیصلہ کرے گی، پنجاب حکومت اس پر عمل درآمد کرے گی، وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب نے خواتین اور بچوں کو ریپ، گھریلو تشدد، اور دیگر جرائم اور استحصال سے تحفظ دینے کے لیے انسداد دہشت گردی عدالتوں کی طرح خصوصی عدالتیں قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کے مطابق یہ فیصلہ مریم نواز کی قیادت میں لاء اینڈ آرڈر اور خواتین اور بچوں کے خلاف جرائم پر آج ہونے والے ایک خصوصی اجلاس کے دوران کیا (بقیہ نمبر 2)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

ہمیر کے علاقہ میں 22 سالہ نوجوان نے خودکشی کر لی

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں خودکشی سمیت مختلف واقعات میں پانچ افراد جاں بحق ہو گئے۔ ہمیر کے علاقہ میں 22 سالہ نوجوان اکرم بھٹی نے نامعلوم وجوہات کی بناء پر گندم میں رکھنے والی گولیاں (بقیہ نمبر 14)

ماموں زاد بھائیوں کی فائرنگ سے دو کم عمر بھائی جاں بحق

واقعہ موٹر سائیکل پر تکرار کے باعث پیش آیا، لاشیں پوسٹ مارٹم کے لیے ہسپتال منتقل

پشاور (این این آئی) صوبہ خیبر پختونخوا کے دارالحکومت پشاور میں معمولی تکرار پر دو بھائیوں کو قتل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق پولیس اسٹیشن خزانہ چوکی صوبت خان گھڑی کی حدود میں ماموں زاد بھائیوں کی فائرنگ سے دو کم عمر بھائی جاں بحق ہو گئے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق واقعہ موٹر سائیکل کے معاملے پر ہونے والی تکرار کے باعث پیش آیا۔ فائرنگ کے نتیجے میں دونوں بھائی جان کی بازی ہار گئے۔ دونوں لاشوں کو پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا،

پیٹرولیم مصنوعات سستی، گوجر خان میں مہنگائی کا راج برقرار

ٹرانسپورٹ کرایوں، اشیائے خوردونوش، سپیئر پارٹس کے نرخ بدستور برقرار، عوام ریلیف سے محروم

انتظامیہ سے آڑھتیوں، سپلائرز اور ایل پی جی پلانٹس تک بلاامتیاز کارروائی کا مطالبہ

گوجر خان (قمر شہزاد) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی کے باوجود گوجر خان میں عوام کو ریلیف نہ مل سکا، ٹرانسپورٹ کرایوں، اشیائے خوردونوش، پھلوں، سبزیوں، مرغی، مٹن، بیف، فاسٹ فوڈ اور بیکری آئٹمز کے نرخ بدستور برقرار ہیں، جبکہ گاڑیوں کے اسپیئر پارٹس، انجن آئل اور دیگر متعلقہ اشیاء کی قیمتوں میں بھی کمی دیکھنے میں نہیں آئی۔ شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی (بقیہ نمبر 3)

امیر تبلیغی جماعت پاکستان مولانا نذر الرحمٰن 92 برس کی عمر میں انتقال کر گئے

لاہور / رائے ونڈ (این این آئی) امیر تبلیغی جماعت پاکستان مولانا نذر الرحمٰن انتقال کر گئے، مولانا نذر الرحمٰن کی عمر 92 سال تھی۔ مولانا نذر الرحمٰن کو 2018 میں تبلیغی جماعت کا امیر مقرر کیا گیا تھا۔ وہ دین اسلام کی تبلیغ واشاعت کے حوالے سے نمایاں (بقیہ نمبر 16)

ممتاز عالم دین مولانا نذر الرحمٰن 97 برس کی عمر میں انتقال کر گئے

نصف صدی سے زائد رائے ونڈ مرکز میں دینی ودعوتی خدمات انجام دیں

لاہور / رائے ونڈ (این این آئی) تبلیغی جماعت پاکستان کے امیر اور ممتاز عالم دین مولانا نذر الرحمٰن 97 برس کی عمر میں انتقال کر گئے۔ آپ کی وفات سے دینی وعلمی حلقے ایک بزرگ عالم دین، استاذ الحدیث اور طویل عرصے تک تبلیغی و تدریسی خدمات انجام (بقیہ نمبر 15)



صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال سہیل شوکت بٹ اوکاڑہ میں وزیراعلیٰ پنجاب دھی رانی پروگرام کے تحت اجتماعی شادیوں کی تقریب میں شریک دلہن کو سلامی دے رہے ہیں

پشاور میں گرینڈ آپریشن، بازاروں سے تجاوزات کا خاتمہ کر دیا گیا

پشاور (این این آئی) گورنر راج کے بعد پشاور میں تجاوزات کیخلاف گرینڈ آپریشن کے دوران اندرون شہر بازاروں سے تجاوزات کا خاتمہ کر دیا گیا۔ بدلتا، نکھرتا، مضبوط خیبر پختونخوا کے تحت نئی صوبائی حکومت کی ہدایات پر ضلعی انتظامیہ پشاور نے اندرون شہر بازاروں سے تجاوزات کا خاتمہ کر دیا۔ کے پی کے (بقیہ نمبر 17)

تیز رفتار کار کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار 18 سالہ طالب علم جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) تیز رفتار کار کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار 18 سالہ طالب علم جاں بحق ہو گیا جس کی نعش اچانک گھر پہنچی تو کہرام مچ گیا جس کو آہوں اور سسکیوں (بقیہ نمبر 21)

اے ڈی سی آر مری عمر اویس کیانی اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو نے شہریوں کے مسائل سنے

سائلین کی شکایات کے فوری ازالے کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری

مری (این ای این) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو عمر اویس نے آج ڈی سی آفس مری میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے مسائل سنے ۔ اس موقع (بقیہ نمبر 25)

خطہ پوٹھوہار میں ادرک کی کاشت پر سبسڈی کی قرعہ اندازی

منصوبے کے تحت 3 سالوں میں 100 ایکڑ پر ادرک کاشت ہوگی، بیج، ٹنل اور ڈرپ سسٹم پر 70 فیصد سبسڈی شامل، زرعی حکام

فی ایکڑ 32 لاکھ 90 ہزار روپے امداد کا اعلان، ادرک کی کاشت کے فروغ کے لیے کاشتکاروں کو سبسڈی دی جا رہی ہے، چیئرمین انسپکشن ٹیم راجہ محمد حنیف

راولپنڈی (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب کے خطہ پوٹھوہار ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن پلان کے تحت ادرک کی کاشت پر سبسڈی کے حوالے سے قرعہ اندازی کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی راجہ محمد حنیف چیئرمین وزیراعلیٰ پنجاب انسپکشن ٹیم وایم پی اے تھے۔ اس موقع پر سید شاہد افتخار بخاری ڈائریکٹر زراعت توسیع راولپنڈی و ڈویژن، ریجنل منیجر/ ڈائریکٹر پروجیکٹ منیجنٹ (بقیہ نمبر 4)



چیئرمین وزیراعلیٰ پنجاب انسپکشن ٹیم وایم پی اے راجہ محمد حنیف خطہ پوٹھوہار زرعی ٹرانسفارمیشن پلان کے تحت ادرک کی کاشت پر سبسڈی کی قرعہ اندازی کر رہے ہیں۔ سید شاہد افتخار بخاری ڈائریکٹر زراعت توسیع راولپنڈی ڈویژن اور عامر لطیف ڈائریکٹر شعبہ ہنر یات فیصل آباد بھی موجود ہیں

مریم نواز راشن کارڈ کی نومبر کی قسط جاری کر دی گئی

منصوبے کے تحت ہر رجسٹرڈ محنت کش کو ماہانہ 3 ہزار روپے سبسڈی فراہم کی جا رہی ہے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے مریم نواز راشن کارڈ کی ماہ نومبر کی قسط جاری کر دی۔ پہلی قسط کے تحت صوبے بھر کے رجسٹرڈ محنت کشوں کے اکاؤنٹس میں 3 ارب 57 کروڑ روپے کی سبسڈی منتقل کی گئی ہے۔ پنجاب ایمپلائز سوشل سکیورٹی (بقیہ نمبر 26)

نہم تا بارہویں جماعت کے لئے سمارٹ سلیبس جاری

پیکٹا کی جانب سے مختلف مضامین کے نصاب میں 25 سے 30 فیصد کمی کی گئی ہے

لاہور (این این آئی) پیکٹا نے نہم تا بارہویں جماعت کیلئے مرحلہ وار سمارٹ سلیبس جاری کر دیا، میٹرک وانٹرز جمۃ القرآن اور اخلاقیات کا سمارٹ سلیبس جاری نہ کیا جا سکا، مختلف مضامین کے نصاب میں 25 سے 30 فیصد کمی کی گئی۔ پہلے مرحلے میں (بقیہ نمبر 27)

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

شعبۂ صحت کی زبوں حالی

گورنر ہاؤس پشاور میں صوبے کے شعبۂ صحت سے متعلق دی گئی ایک سرکاری بریفنگ کے مطابق صوبے میں 200 سے زائد مختلف نوعیت کے سرکاری طبی مراکز غیر فعال پڑے ہیں جبکہ فعال مراکز بھی ڈاکٹروں اور دیگر طبی عملے کی کمی سمیت متعدد مسائل سے دوچار ہیں۔ چار کروڑ سے زائد آبادی کیلئے محض 8024 ڈاکٹر دستیاب ہیں' یعنی تقریباً پانچ ہزار سے زائد افراد کیلئے ایک ڈاکٹر موجود ہے۔ سرکاری ہسپتالوں میں بستروں کی قلت بھی ایک بڑا مسئلہ ہے۔ یہ اعداد وشمار صوبے میں صحت کی ناکافی سہولیات کی واضح عکاسی کرتے اور فوری عملی اقدامات کے متقاضی ہیں۔ ملک بھر میں شعبۂ صحت کو کم وبیش اسی نوعیت کے مسائل کا سامنا ہے۔ ہر سال صحت کیلئے مختص کیے جانے والے بجٹ اور اسکے استعمال کا جائزہ لیا جائے تو اندازہ ہوتا ہے کہ عوام کو بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی حکومتی ترجیحات میں وہ اہمیت نہیں رکھتی جس کی ضرورت ہے۔

صحت کے شعبے کو نظرانداز کرنے کا براہِ راست نقصان عام شہریوں کو اٹھانا پڑتا ہے' جو مہنگے نجی ہسپتالوں میں علاج کرانے کی استطاعت نہیں رکھتے۔ موجودہ انتظامیہ کو چاہیے کہ وہ شعبۂ صحت کی بہتری کو اپنی اولین ترجیحات میں شامل کرے۔ غیر فعال طبی مراکز کو فوری طور پر فعال کرنے کیساتھ وہاں آبادی کے تناسب سے ڈاکٹروں' نرسوں اور دیگر طبی عملے کی تعیناتی اور ادویات کی مسلسل فراہمی یقینی بنائی جائے۔

''ادب کی حدّوں سے پار''



تحریر: سیّدہ نزہت ایوب کاظمی،
شہر: اسلام آباد

اسے میں اپنے گھر آتے جاتے بچپن سے ہی دیکھ رہی تھی ۔سرو قد، وجیہہ شکل، کشادہ پیشانی ،شستہ لہجہ بولے تو باتوں سے پاکیزگی چھلکے۔اس کی ذات باادب کمال کی، اس کی طرف نہ اُٹھنے والی نگہ بھی بار، بار اس کا طواف کرنے پہ بندے کو مجبور کرے، گھر کے زنان خانہ میں صرف والدہ محترمہ اور بے بے جی (دادی اماں) اس کے باوجود نہ اجازت تھی نہ ہی جرآت کہ باہر کی طرف سے آنے والی خواتین کی طرف نگہ اُٹھا کر دیکھ ہی لیا جائے کجاان کے پاس بیٹھنا، بات کرنا وغیرہ وغیرہ ۔دسویں جماعت کرتے ہی یہ کہہ کر کہ باقی کی تعلیم سسرال جا کر پوری کر لینا ،ہاتھ پیلے کر دیئے گئے ۔اللہ نے پہلی اولاد عطا فرمائی وہی خاتون جسے بچپن سے دیکھتی چلی آ رہی تھی، مگر والدہ سے پوچھنے کی کبھی جسارت نہ ہو سکی کہ یہ خاتون کون ہیں، کہ اب وہ تھی مہمان کا ادب بھی اسی طرح کر رہی تھی جیسے گھر کے بڑوں کا کرتی ۔(مجھے اس دن پتہ چلا کہ بیٹی دنیا میں آ کر ماں کو بہادر بنا دیتی ہے)اس روز جسارت نہیں بلکہ جرآت کی اور والدہ محترمہ سے پوچھا کہ یہ خاتون کون ہیں (اس کی مہذبانہ ذات یوں انداز لئے ہوتی کہ سامنے والا خود بخود اس کے لئے باادب بن جائے) پتہ چلا ہمارے گاؤں کے میراثیوں کی خاتون ہے اور پھر بعد کے آنے والے دنوں میں ان نظروں نے کیا کیا نہ دیکھنا شروع کیا ہمارے گاؤں کے میراثی خاندان رکھ رکھاؤ، تعلیمی معیار، شکل وصورت اور سیرت میں کسی سے کم تر نہ تھے اس خاندان کی مزید چھوٹی بڑی خواتین سے تعارف ہونے لگا، چونکہ شادی ہو چکی تھی ۔میں تو اس ادھیڑ عمر خاتون کے ادب پہ ہی ششدر تھی مگر یہاں تو خاندان کے خاندان ہی ۔ان سبھی کو دیکھ یا مل کر خود بخود ہی خالق کے حضور پیشانی سجدہ ریز ہو جاتی جس نے ہمیں رسولِ معظّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد میں پیدا فرما کر یہ سعادت نصیب فرمائی ۔اے میرے محترم باادب قاری! ملک بھر میں سیّد اور علماء حضرات 'مٹی دے باوے 'پر پیخ پا ہیں ہونا بنتا بھی ہے ۔مگر پہلے ملک کے میراثیوں سے تو پوچھ لو ان کی عقیدت پہ کیا بیت رہی ہے ۔مطلب ایک بندہ جو یہ کہے کہ ہمیں قدرت نے بنایا ہی سیّد الانبیاء حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدحت کے بیان کرنے کے واسطے ہے، ان کا کہنا کہ جب عالم میں اسلام آیا تبھی ہماری برادری چن لی گئی پاک محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدح سرائی کے لئے ،اس کام کو انجام دینے کے لئے اللہ نے ہمیں خوش گلو رکھا۔وہ کہتے لوگ محمد آلِ محمد کو ستاتے ہم آپ کی شان وغم میں مرثیے قصیدے پڑھتے ۔محترم قاری! 'مٹی دے باوے 'بنانے والے کو ناموسِ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا لحاظ رکھنا چاہئے تھا ۔گفتگو کا سلسلہ آگے بڑھانے سے پہلے میں یہ واضح کر دوں کہ مٹی دے باوے پیش کرنے والے کے برخلاف میرا یہ تبصرہ ہرگز نہ سمجھا جائے ۔ میں نے تو صرف یہ چاہا میراثیوں کے حق میں کیوں نہ قلم اُٹھاؤں ، بلکہ یہ تو مجھ پر ایک طرح کا قرض بھی تھا، کہ جن خوش شکل وگفتار خاتون کا ذکر میں نے آغاز میں کیا انہی کی اکلوتی بیٹی مجالس اور میلاد بھی پڑھا کرتی تھی جس کا میاں اور وہ خود ذاکر اور عالم تھے ۔وہ اپنے خطاب کو شروع ہی نسلِ سادات کے ساتھ ادب کے قرینے سیکھنے سیکھانے سے کرتے ،تو پھر قرض ہوا ناں۔تو میں یہ کہنا چاہ رہی تھی کہ ضرب کاری ہے اس قوم پہ (قوم سے مراد پاکستانی عوام کہیں نہ جانئیوں)یعنی میراثیوں پر

اور اس پر بھلا یہ کہ اس داستان پر اس دور کی اخبار کو بمعہ ثبوت کے سامنے لے آئے ہیں، کہ دیکھئے یہ خبر اخبار میں بھی چھپی تھی لہذا لکھاری سچّا ہے۔اس کے بعد ملک بھر میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے کہ سیّدوں سے اس قدر کینہ ،بغض کیوں۔ ایک سیّدانی ہونے کے ناطے اِس بارے اپنی رائے قاری کے روبرو میں بھی رکھنا چاہوں گی ۔(میرا محترم قاری 'مٹی دے باوے ' کو ذہن میں رکھے ،ہم بات انہی کی کریں گے جو واقعی سیّد ہیں)۔ کربلا کے بعد بھی سیّدوں کا گھیراؤ ختم نہیں ہوا تھا ۔اِن کا تعاقب کہاں، کہاں نہ ہوا۔ پاک نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد کی زندگیاں ہی نہیں سانسیں کرب کا شکار رہیں ۔اُس کریم اللہ کی سیّدوں پر عطاؤں کا سلسلہ کچھ یوں تھا کہ روحانیت اِن کی چوکھٹ سے لپٹی رہتی ۔مضطرب قلب سکوں کے واسطے یوں اِن کی دہلیز کی اَور بھاگتے جیسے پیاسے اونٹ پانی پہ ٹوٹتے ہیں ۔بس یہی فکر باطل کی نیندیں اڑائے رکھتی ،انہیں کچھ اور نہ سوجھتا ماسوائے اس کے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل کو ستانے کے ،یوں ہمیشہ سیّدوں کو اپنی جان کے لالے پڑے رہتے ۔اپنے آباء کے پیروکار زمانے کے خداؤں سے بچتے عرب کے ریگزاروں سے نکلتے ،نکلتے آخر کار ہند کی سرزمین پر پناہ پکڑنے لگے ۔تعاقب تو سیّدوں کا ہند کی زمین تک کیا گیا مگر خدائے یکتا کو منظور کچھ اور تھا ۔طلبِ بادشاہت کو ریاست ملی اور سیّدوں کو ہند کی سرزمین نے یوں اپنی آغوش میں چھپا لیا جیسے روتے بلکتے بچے کو ماں اپنی گود میں لے لیتی ہے ۔زندگیاں معمول پہ آنے لگیں ۔برِصغیر کی سرزمین سیّدوں کے لئے مہربان پناہ گاہ بن چکی تھی ۔یہ بات طے ہے کہ سیّد جہاں بھی بسیرا کرتے اِن کی ذات سے جڑی روحانیت کا چشمہ بے قرار اُجڑے دلوں کی آبیاری کا سبب بنتا ۔پشتوں سے ستائی ،رلائی گئی قوم کو ذرا قرار آیا، ہند کے باسی جوک در جوک ان کے در سے فیضیاب ہونے لگے ان کے نیک سیرت اطوار مقامی لوگوں کے دلوں میں گھر کر رہے تھے ۔جس میں ہند کے راجے مہاراجے بھی شامل تھے ۔ سیّدوں کے دم درود اور دعاؤں سے نہ صرف بیمار روحوں کا علاج ہونے لگا بلکہ نبیوں ،ولیوں اور پیغمبروں کی اولاد آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حکمت سے بیمار جسموں کا بھی علاج کرتے ۔کیوں نہیں بدلے میں معاوضہ بھی ملتا ۔یعنی جب کسی سیّد کے دم درود دعا ودوا سے کسی رئیس یا راجہ مہاراجہ کا کام سنورا ،وہ مرید تو ہوا ہی ہوا ساتھ کہا بیجئے گھوڑے پہ سوار ہر کرا سے اس زمین کنارے بھگائیے گھوڑا جہاں تھک کر رک جائے بس وہیں تک کی اراضی آپ کی ملکیت ہوئی ۔ہاں، ہاں یہ سچ ہے ۔دعا ودوا کے ساتھ ساتھ ہند میں سیّدوں کا آبائی پیشہ کھیتی باڑی بھی اِن کی پہچان بننے لگا ۔تقدیر نے ایک بار پھر پلٹا کھایا ۔اِس بار نشانے پر ہر خاص وعام تھا ۔قرآن سے ہمیں یہ بات پتہ چلتی ہے کہ جب، جب عوام الناس اپنے اطوار کی درستی چھوڑ کے بے راہ ہوئی ظالم ان پہ قابض ہوئے ۔ ہند کی زمین پر اب صرف غیر اقوام ہی نہیں بلکہ مسلمان بھی بس رہے تھے جن میں کثیر تعداد تو اُن سیّدوں کی تھی جو کبھی جان کے عذاب سہہ کر اس زمین پر بسے تھے ۔آرام طلبی، سکون اور ہوسِ زَر وزَن کے اثرات یقیناً اس قوم پہ بھی اثر انداز ہوئے ہی ہوں گے ،غلامی کی چکی میں پستے نا جانے کتنے ہی موسموں کے درد ہند کے باسیوں کا مقدر بنے ۔عزت ،جان مال کی قربانیوں کے بعد غلامی سے نجات ملی بٹوارہ ہوا، ایک اور تاریخ رقم ہوئی، اور ازلی ہر دور کے گواہ یہ آسمان کے ستاروں نے بادشاہ کو فقیر اور فقیر کو بادشاہ بنتے دیکھا ۔محترم قاری! زمینوں کے مالک بے زمینے ہوئے اور بے زمینے ، بحث یہ نہیں کہ بٹوارے کے بعد کس کے حصے میں کیا آیا ،ہاں یہ بات ضرور پتہ ہونی چاہئے کہ یہاں حکومتوں نے نہیں عوام نے عوام کو لوٹا تھا ،بل بانٹ کے کسی کو بھی کھانا نہیں بھایا تھا ۔عام خیال اک یہ بھی ہے کہ اُس پار جانے والے اتنا محروم نہ رہے ہوں گے جتنا ادھر کی عوام نے لوٹ کھسوٹ کے معاملے میں ایکدوجے کا براحال کیا ۔شاید حالات کی ستم ظریفی نے عوام کو ایسا کرنے پہ مجبور کر دیا ہو ۔مگر ان سبھی حالات و واقعات سے آج یہ نتیجہ اخذ کرنے میں کوئی عار نہیں کہ وہ حالات ایسی تربیت کر گئے یہاں والوں کی کہ آج عوامی ،سیاسی وصحافی ہلچل مٹنے کا نام ہی نہیں لے رہی ۔محافظانِ پاکستان جان ہتھیلی پہ رکھے تب بھی بھارت سے ٹرک بھر بھر عوام کے اپنی نگرانی وحفاظت میں وطن لا رہے تھے، اور اب بھی وطنِ عزیز میں کہیں مصیبت ٹوٹ پڑے یہ جوان عوام کی مدد و خدمت کو تیار ملیں گے ۔یہ بہادر ہر آگ میں کود پڑتے ہیں ۔سرحدوں پر جان لٹانا قصہ پرانا ہوا ،اب تو یہ دشمنوں سے لڑنے وطن کی حدوں سے پار کھڑے ہیں ۔آج اگر یہ بہادر جوان دوسرے ملکوں کی سرحدوں پر جراتوں کے مظاہرے دکھلاتے ہیں تو درحقیقت یہ پیارے وطن پاکستان ہی کی حفاظت کرتے ہیں ۔سچ بات ہے حیادار بہادروں کی یہی شان ہے کہ جب خطرہ حد سے بڑھے تو گھر کی دیواروں سے نکل کر، حفاظت کے لئے گھر سے کئی قدم دور گھر کی طرف اٹھنے والی آنکھیں نوچ ڈالتے ہیں ۔فخر اچھی بات نہیں مگر محترم قاری، سالہا سال سے یہ نظریہ اب مجھے فخر میں مبتلا کرنے لگا ہے کہ محافظانِ پاکستان سے بہتر کوئی معاملاتِ پاکستان چلا نہیں سکتا۔اے میرے محترم وباادب قاری، باتوں سے نکلی بات ،تو بات دور تلک نکلتی چلی گئی اور ابھی ہمیں اپنی گفتگو کے دامن کو سمیٹتے ہوئے مٹی دے باوے کو بھی نپٹانا ہے اور وقت بھی ہوا چاہتا ہے رُخصت کا ۔اس لوٹ کھسوٹ کا اثر سیّدوں پر بھی پڑا ۔چونکہ سیّد اب نوابوں والی آسائشات کا عادی ہو چکا تھا وہ ٹھیک ہے ان میں پڑھے لکھے اچھے عہدوں پہ فائز بھی تھے اور زمینداری بھی اپنی جگہ ۔بٹوارے کے بعد زمینیں وہ نہ رہیں نہ ہی اُتنی ۔بیشتر سیّد گھرانے آباء کے مزاروں سے منسلک ہوئے ، سیدھے لفظوں کہوں تو تعویز گنڈوں دم درود پیشہ ٹھہرا ،جو کہ نہیں ہونا چاہئے تھا ،کوئی پڑھ گیا ،اچھی پوسٹ پہ ہوا یا کاروبار نے عروج پکڑا ،ہر ڈگر اِس قوم نے پیری ،مریدی کو ترک نہ کیا مجھ سے بہتر بھلا سیّدوں کو کون جانتا ہوگا ہر دور میں لوگوں نے سیّدوں کا تو ادب کیا ،مگر ترقی یافتہ دور کے تقاضے نبھاتے ،نبھاتے سیّد اپنے کردار وافکار کے معیارات برقرار نہ رکھ سکے ۔قرآن بندے کو اپنے کردار وافکار کی پاسداری رکھنے کا حکم کرتا ہے ۔بندہ جب تک اپنی حالت خود نہیں بدلتا مدد آسمانوں سے بھی نہیں آتی یہ قرآن کا فیصلہ ہے ۔اور بندہ جب خُدا کے حکم بھلانے لگتا ہے تب اس پر فلک سے رحمت برسنا ختم ہو جاتی ہے پھر وہ اسی کے حوالے کر دیا جاتا ہے ،جس کا دم بھرے یعنی شر یعنی باطل ۔یہ بات ہم سیّدوں کے سمجھنے لائق ہے کہ جب پردے کا آسمانی حُکم آیا تو سب سے پہلے پیارے آقا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاک گھرانے کی بیٹیوں ،بیویوں کو تھا پھر اُمت کی باقی خواتین کو، کہ سروں اور سینوں پر اوڑھنی اوڑھے رکھا کریں اور جب گھروں سے باہر نکلیں تو چادر سے چہرہ چھپا لیا کریں ،اپنی زینت کو نامحرموں پر ظاہر مت کریں ،اور بھی بہت کچھ ۔آج ہم دیکھ سکتے ہیں کہ سیّد ترقی یافتہ دور کی کس ڈگر پر کھڑا ہے پھر 'مٹی دے باوے 'تو بنیں گے ۔ہاں مٹی دے باوے سراسر جعلی ہے ۔سیّدوں کے گھروں کی داستانیں کچھ اور ہیں کم از کم 'مٹی دے باوے 'تو ہرگز نہیں ۔ہوسِ زر اور ہوسِ زن کے پجاری تو بڑے بڑے دیکھے مگر یہ کیا، 'مٹی دے باوے 'یہ تو کوئی، ان پڑھ و جاہل سیّد زادے کا ستایا لگتا ہے ،جس نے سید گھر کی بیٹیوں سے ہی بیر نکال لیا، اور وہ ایسا سیّد جس کا باطن کسبی ،ظاہر تسبیح ہوگا ۔اسکول کی چار جماعتیں پڑھا نہیں اور بیٹھ گیا معصوم عوام کو بھٹکانے ،اصلاح تو کر نہ سکا تعویز گنڈے جنتر، منتر سے عوام کو اپنے پیروں پر جھکانے کا وسیلہ بنا لیا ۔گھر کا چولہا تو گرم رہے ہی رہے ساتھ اور لوازمات بہت ۔ پیارے آقا محمدِ مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ بروزِ محشر لوگوں کے درمیانی رشتے ختم ہو جائیں گے ماسوائے میری نسل کے ، آپؐ کے دادا جناب عبد المطلبؑ (جبکہ پیارے آقا کا سن مبارک دو اڑھائی سال ہوگا)ایک بار یمن کے بادشاہ کو، اپنے قبیلے کے ساتھ تہنیت کے موقع پر ، قبیلے نے بادشاہ کی طرف سے آپؐ کو ملے تحائف پر رشک کیا تو آپؐ نے انہیں فرمایا کہ یہ تو دنیا کا ساز وسامان ہے اس پر رشک کیا کرنا ،رشک کے قابل تو وہ انعام ہے جو عنقریب کعبے کا رَبّ مجھ پر کرنے والا ہے ،اور جس کی شہرت چہار دانگ عالم ہوگی جس پر میری آنے والی نسلیں بھی رشک کریں گی ۔(کتاب سیرتِ امیر المومنین حضرت علی ابنِ ابی طالب علیہ سلام حصہ اول تالیف علامہ مفتی جعفر حسین، صفحہ نمبر61) یہاں قابلِ ذکر بات پاک نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نسل کی ہے ، کہ صرف اللہ ہی نے نہیں آپ کی حفاظت کرنے والے آپ کے دادا جنابِ عبدالمطلب علیہ سلام نے بھی پیارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نسل کو یاد رکھا ۔اور پھر جب کہ عرب کے لوگوں نے ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بے نسل رہ جانے کا طعنہ دیا تو جواب کعبے کے رَبّ کی طرف سے آیا کہ محمد ص کی نسل تو ہو گی قیامت تک ، پھلے گی پھولے گی مگر طعنہ دینے والے بے نشاں رہ جائیں گے ۔نسل کا ذکر جب اتنی بار ہوا، اہمیت دی گئی تو نسل سے عملوں کی پوچھ نہ ہوگی ۔پوچھ کے مراحل سے تو اس قوم کو گزرنا پڑے گا، اور وہ بھی کڑی ۔اپنے اعمال کی درستی کی ضرورت سیّدوں کو ہے تو سہی ۔ورنہ ابھی تو باوے بننے کی شروعات ہوئی ہے ۔ویسے 'مٹی دے باوے 'میراثیوں کے ادب پر سیّدوں کے لئے ضرب کاری ہے ۔اچھا مٹی دے باوے ہی نہیں فتنے اور بھی ہیں کئی ۔ موجودہ دور کے ایک یوٹیوبر کو کہتے یہ بھی سنا کہ یہ سیّد حضرت ابو طالب ع کی نسل ہیں حضور کی نسل نہیں ،اور یہ کہ بیٹی سے نسلیں چلا کرتیں ہیں بھلا ۔دعا ہے رب پنجتن ہماری رہنمائی ہر راہ فرمائے ۔

آمین ثم آمین

شوبز SHOWBIZ

''میرے پاس تم ہو'' کی کہانی حقیقت بن گئی

وائرل ویڈیو میں ایک شوہر اپنی بیوی کو طلاق دیتے ہوئے دکھائی دے رہا ہے

لاہور (این این آئی) پاکستانی ڈرامے ''میرے پاس تم ہو'' کی کہانی حقیقی زندگی میں دہرائی جانے لگی، طلاق کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو میں ایک شوہر اپنی بیوی کو طلاق دیتے ہوئے دکھائی دے رہا ہے، بتایا جا رہا ہے کہ شوہر کو جب معلوم ہوا کہ اس کی اہلیہ کسی دوسرے شخص سے محبت کرتی ہے تو اس نے بیوی کو طلاق دے دی اور اس پورے واقعے کی ویڈیو بنا کر اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر شیئر کر دی۔اس واقعے نے مقبول پاکستانی ڈرامے ''میرے پاس تم ہو'' کی یاد تازہ کر دی جس کی کہانی بھی کچھ اسی نوعیت کے گرد گھومتی ہے۔حیران کن طور پر خاتون کی زندگی میں بھی ڈرامے کے کردار شہوار احمد کی طرح ایک شخص عادل کی آمد ہوئی جس کے بعد یہ معاملہ سوشل میڈیا پر موضوع بحث بن گیا۔

لوگ میری شادی کے حوالے سے بے بنیاد افواہیں پھیلاتے ہیں

مجھے اپنے خاندان کی تصاویر سوشل میڈیا پر پوسٹ کرنا پسند نہیں، سیف علی خان



کراچی (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کے ابھرتے ہوئے اداکار سیف علی خان کا کہنا ہے کہ میری مصروفیت کی وجہ سے اہلیہ ناراض لیکن کامیابی پر خوش بھی ہوتی ہیں۔سیف علی خان حال ہی میں ایک شو میں بطور مہمان شریک ہوئے، جہاں انہوں نے اپنے شوبز کیریئر، اہلیہ کے ردعمل، مداحوں اور بڑھتی ہوئی مقبولیت کے بارے میں گفتگو کی۔اداکار نے بتایا کہ جب میں نے ایک ریئلٹی شو میں شرکت کی تو میری شادی کو صرف 4 ماہ ہوئے تھے، اس کے بعد مجھے کیریئر میں تیزی سے ترقی ملی اور شوٹنگ کے سلسلے میں اکثر سفر کرنا پڑتا ہے۔سیف علی خان کے مطابق اہلیہ کے لیے بھی یہ صورت حال ایک نئے تجربے کے طور پر سامنے آئی، تاہم اب وہ میری نئی مصروف زندگی کے ساتھ اچھی طرح مطابقت پیدا کر چکی ہیں۔ان کا کہنا ہے کہ ابتدا میں اہلیہ اس بات پر قدرے ناراض تھیں کہ میں بہت زیادہ مصروف رہتا ہوں، تاہم وہ میری کامیابی پر خوش بھی ہیں۔سیف علی خان نے مزید کہا کہ لوگ میری شادی کے حوالے سے بے بنیاد افواہیں پھیلاتے رہتے ہیں، مجھے اپنے خاندان کی تصاویر سوشل میڈیا پر پوسٹ کرنا پسند نہیں اور گھر والے بھی نجی زندگی کو ترجیح دیتے ہیں، اسی لیے میں اہلیہ کی تصاویر سوشل میڈیا پر پوسٹ نہیں کرتا اور وہ بھی اس میں دلچسپی نہیں رکھتیں۔اداکار نے یہ بھی کہا کہ میں جانتا ہوں کہ اپنے خاندان کی تصاویر شیئر کر کے سوشل میڈیا پر زیادہ لائیکس حاصل کیے جا سکتے ہیں، تاہم اس وقت میری توجہ اپنی پیشہ ورانہ مصروفیات پر ہے۔

میگھا کا شاہد علی خان کے ساتھ نئے میوزیکل پراجیکٹس کا فیصلہ

کینیڈا میں پاکستانی، بھارتی شائقین موسیقی نے بھرپور پذیرائی دی، گلوکارہ



لاہور (این این آئی) نامور گلوکارہ میگھا نے اپنے کامیاب دورہ کینیڈا کے بعد گلوکار شاہد علی خان کے ساتھ مستقبل میں مشترکہ گانے ریکارڈ کرانے اور میوزیکل پراجیکٹس کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ میگھا نے کہا کہ کینیڈا میں ہونے والے شوز توقعات سے بڑھ کر کامیاب رہے جن میں پاکستانی کمیونٹی کے ساتھ ساتھ بھارت سے تعلق رکھنے والے موسیقی کے شائقین نے بھی بھرپور شرکت کی۔انہوں نے کہا کہ ان شوز کی کامیابی میں شاہد علی خان کا کلیدی کردار رہا جبکہ شیڈول پرفارمنسز کے علاوہ کینیڈا کے دیگر شہروں میں بھی شوز کے انعقاد کے لیے رابطے کیے جا رہے ہیں۔ گلوکارہ کے مطابق شاہد علی خان کے ساتھ مستقبل میں بھی مشترکہ میوزیکل منصوبوں اور گانوں کی ریکارڈنگ کے حوالے سے بات چیت جاری ہے۔انہوں نے کہا کہ بیرون ملک مختلف کمیونٹیز کی جانب سے ملنے والی پذیرائی حوصلہ افزا ہے اور وہ پاکستانی موسیقی اور ثقافت کو عالمی سطح پر متعارف کرانے کا سلسلہ جاری رکھیں گی۔

گوہر رشید خواتین کی تضحیک اور ہراسانی کیخلاف بول پڑے

ہمیں خواتین کے لیے ایسے الفاظ استعمال ہی نہیں کرنے ہیں، گوہر رشید



کراچی (سی ایم لنکس) پاکستانی معروف اداکار گوہر رشید نے معاشرے میں خواتین کی تضحیک اور ان کے لیے استعمال ہونے والے نازیبا القابات کے خلاف آواز بلند کردی۔فوٹوز اینڈ ویڈیوز شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر جاری ویڈیو میں اداکار نے معنی خیز پیغام شیئر کیا ہے۔ویڈیو میں انہوں نے روزمرہ کی زندگی میں خواتین کے لیے استعمال ہونے والے چند اسم صفت درج کیے ہیں، جس میں موٹی، پتلی، کالی جیسے الفاظ شامل ہیں۔اداکار نے معاشرے کے توہین آمیز رویے پر بات کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں خواتین کے لیے ایسے الفاظ استعمال ہی نہیں کرنے ہیں۔

مختصر لباس کے ساتھ ڈوپٹہ اوڑھنے پر متھیرا تنقید کی زد میں آ گئیں

تصاویر میں اداکارہ متھیرا ماورنگ کے مختصر لباس میں دکھائی دے رہی ہیں



کراچی (این این آئی) پاکستانی میزبان اور اداکارہ متھیرا ایک بار پھر اپنے منفرد لباس کے انتخاب کے باعث سوشل میڈیا صارفین کی تنقید کی زد میں آ گئیں۔شوبز انڈسٹری میں کئی برس سے کام کرنے والی متھیرا اپنے ماضی، ذاتی جدوجہد اور کاسمیٹک طریقہ علاج سے متعلق کھل کر بات کرتی رہی ہیں، جبکہ لباس کے انتخاب میں بھی وہ اپنی پسند کے مطابق فیصلہ کرتی ہیں، حالیہ دنوں میں انہوں نے دبئی کے سفر کی چند تصاویر سوشل میڈیا پر شیئر کیں۔تصاویر میں متھیرا ماو رنگ کے مختصر لباس میں دکھائی دے رہی ہیں، جس کے ساتھ انہوں نے اسی رنگ کی کیپ اور ڈوپٹہ بھی پہنا ہوا ہے، ان کے انداز میں سر ڈھانپا گیا تھا تاہم ٹانگیں نمایاں تھیں، تصاویر سامنے آنے کے بعد سوشل میڈیا صارفین نے لباس کے انتخاب پر مختلف تبصرے شروع کر دیے۔بعض صارفین نے ان کے انداز کو نامناسب قرار دیا، جبکہ ایک صارف نے مذہبی حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ عیسائیت میں بھی اس طرح سر ڈھانپنے اور جسم نمایاں رکھنے کی اجازت نہیں۔

ادت نارائن کے ساتھ کبھی کوئی ذاتی اختلاف یا تلخی نہیں رہی: کمار سانو

ممبئی (سی ایم لنکس) بالی ووڈ کے معروف گلوکار کمار سانو نے ساتھی گلوکار ادت نارائن کے ساتھ تعلقات کے حوالے سے وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں کے درمیان کبھی کوئی ذاتی اختلاف یا تلخی نہیں رہی۔کمار سانو اور ادت نارائن نے تقریباً ایک ہی دور میں شہرت حاصل کی تھی، جس کے باعث دونوں کے درمیان پیشہ ورانہ مقابلے کی فضا پیدا ہوئی، دونوں گلوکاروں نے آخری مرتبہ 2005ء میں فلم 'نوانٹری' کے لیے ایک ساتھ گانا گایا تھا۔اب 21 سال بعد دونوں گلوکار ایک بار پھر فلمی گیت میں ساتھ نظر آئیں گے، ان کا نیا گانا 'سنیوڈرا' سنی دیول کی آنے والی فلم کا حصہ ہے۔

ندا یاسر نے مارننگ شو کی میزبانی کے 17 سال مکمل کر لیے

ندا یاسر نے گڈ مارننگ پاکستان کی مسلسل 17 سال میزبانی کر کے منفرد اعزاز حاصل کر لیا



لاہور (این این آئی) معروف ٹی وی میزبان اور اداکارہ ندا یاسر نے نجی ٹی وی چینل کے مقبول مارننگ شو گڈ مارننگ پاکستان کی میزبانی کے 17 سال مکمل کر لیے جو ان کے پیشہ ورانہ کیریئر کا ایک اہم سنگ میل ہے۔ندا یاسر نے 2009 میں مارننگ شو کی میزبانی کا آغاز کیا تھا اور مسلسل 17 برس سے اس ذمہ داری کو بخوبی نبھا رہی ہیں۔طویل عرصے تک مارننگ شو کی میزبانی کا اعزاز ان کے کیریئر کو ایک منفرد پہچان دیتا ہے۔ندا یاسر نے کہا کہ ناظرین کی محبت اور اعتماد ہی ان کے اس طویل سفر کا سب سے بڑا سرمایہ ہے۔

سپورٹس SPORTS

کپتان عبدالصمد کی قیادت میں پاکستان شاہینز دوحہ، قطر پہنچ گئی

پاکستان شاہینز اے سی سی مینز ایشیا کپ رائزنگ سٹارز 2026 میں شرکت کرے گی

دوحہ (این این آئی) کپتان عبدالصمد کی قیادت میں پاکستان شاہینز دوحہ، قطر پہنچ گئی۔پاکستان شاہینز اے سی سی مینز ایشیا کپ رائزنگ سٹارز 2026 میں شرکت کرے گی۔دفاعی چیمپئن پاکستان شاہینز نے پیر کو آرام کیا اور (آج) منگل سے ٹریننگ سیشن میں حصہ لے گی۔50 اوورز اے سی سی مینز ایشیا کپ رائزنگ سٹارز 19 سے 29 نومبر تک قطر میں کھیلا جائے گا۔پاکستان شاہینز ٹورنامنٹ میں اپنا پہلا میچ 20 نومبر کو یو اے ای کے ساتھ کھیلے گی۔



لاہور: گیارہویں نیشنل انڈور رونگ چیمپئن شپ 2026 میں کانسی کے 6 تمغے جیتنے والے پاکستان پولیس کے کھلاڑیوں اور آفیشلز کا گروپ فوٹو۔(فوٹو این این آئی)

برازیلین لیجنڈ رونالڈینہو کی 46 سال کی عمر میں فٹبال میں واپسی

ان کی واپسی کے موقع پر اسٹیڈیم میں شائقین کی بڑی تعداد موجود تھی

برازیلیا (این این آئی) برازیل کے سابق عالمی شہرت یافتہ فٹبالر رونالڈینہو نے 46 سال کی عمر میں ریٹائرمنٹ ختم کرتے ہوئے فٹبال میں واپسی کر لی۔انہوں نے اطالوی تھرڈ ڈویژن کلب ریوینا کی جانب سے میدان میں واپسی کی اور ٹیم کو 2-0 سے کامیابی دلانے میں اہم کردار ادا کیا۔رونالڈینہو نے آخری مرتبہ 2015 میں فلومیننسی کی نمائندگی کی تھی تاہم رواں سال اگست میں سرمایہ کار کی حیثیت سے ریوینا سے منسلک ہونے کے بعد انہوں نے دوبارہ فٹبال کھیلنے کا فیصلہ کیا۔گزشتہ روز ہونے والے میچ میں انہوں نے ابتدائی کھلاڑی کی حیثیت سے شرکت کی اور پہلے گول کی تیاری میں اہم پاس فراہم کیا۔رونالڈینہو کو پہلے ہاف کے اختتام پر متبادل کھلاڑی سے تبدیل کر دیا گیا۔

بنگلا دیش نے جنوبی افریقا میں تاریخ رقم کر دی

بنگلہ دیش 400 رنز بنانے والی پہلی ایشیائی ٹیم بن گئی

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلا دیش نے جنوبی افریقا کی سرزمین پر ٹیسٹ کرکٹ میں نئی تاریخ رقم کرتے ہوئے سیریز کے پہلے ٹیسٹ کی پہلی اننگز میں 400 رنز کا سنگ میل عبور کر لیا۔کرک انفو کے سینئر اسٹیٹس اینالسٹ شیوا جیارامن کے مطابق بنگلا دیش جنوبی ایشیا کی پہلی ٹیم بن گئی ہے جس نے جنوبی افریقا میں کسی ٹیسٹ سیریز کی پہلی اننگز میں 400 یا اس سے زائد رنز بنائے ہیں، اس کے علاوہ گزشتہ 17 سال سے زائد عرصے میں یہ کارنامہ انجام دینے والی پہلی مہمان ٹیم بھی بن گئی ہے۔اس سے قبل آخری مرتبہ آسٹریلیا نے 2008-09 کی ٹیسٹ سیریز کے جوہانسبرگ میں کھیلے گئے پہلے میچ میں 466 رنز بنا کر یہ اعزاز حاصل کیا تھا۔جنوبی افریقا میں کسی ٹیسٹ سیریز کی پہلی اننگز میں ایشیائی ٹیم کا سابقہ بہترین اسکور سری لنکا کے پاس تھا جس نے 2020-21 میں سنچورین ٹیسٹ کے دوران 396 رنز بنائے تھے۔



کراچی: ایشیا کپ رائزنگ اسٹارز میں ٹائٹل کے دفاع کے لیے دوحہ روانگی سے قبل پاکستان شاہینز ٹیم کا گروپ فوٹو۔(فوٹو این این آئی)

امپائر کے فیصلے پر ناراضی، شاداب خان پر میچ فیس کا 5 فیصد جرمانہ عائد

اسلام آباد (این این آئی) پاکستانی آل راؤنڈر شاداب خان پر ابوظہبی ٹی 10 لیگ میں امپائر کے فیصلے پر ناراضی کا اظہار کرنے پر میچ فیس کا 5 فیصد جرمانہ کر دیا گیا۔شاداب خان کو شیخ زاید کرکٹ اسٹیڈیم میں یو اے ای بلز اور عریبئن ایسز کے درمیان کھیلے گئے میچ کے دوران امپائر کے فیصلے پر برہمی ظاہر کرنے پر سزا دی گئی۔واقعہ اس وقت پیش آیا جب یو اے ای بلز کے بیٹر نے باؤنسر کھیلنے کی کوشش کی، تاہم گیند ان کے بلے سے نہ لگی۔شاداب خان کا خیال تھا کہ گیند کو وائیڈ قرار دیا جانا چاہیے تھا لیکن امپائر نے ایسا نہیں کیا، اس فیصلے پر شاداب نے ناراضی کا اظہار کرتے ہوئے اپنا بیٹ زمین پر دے مارا اور باؤنڈری کے قریب موجود دوسرے امپائر کی جانب دیکھا۔ٹورنامنٹ انتظامیہ کے مطابق شاداب خان نے ابوظہبی ٹی 10 کے ضابطہ اخلاق کی سطح اول کی خلاف ورزی کی۔

قندھار کے ریڈیو اسٹیشنز پر کرکٹ مواد نشر کرنے پر پابندی

فی الحال کرکٹ سے متعلق ہر قسم کا مواد نشر کرنے پر پابندی ہے، حکام

کابل (این این آئی) افغانستان میں طالبان حکام نے جنوبی صوبے قندھار کے ریڈیو اسٹیشنز کو کرکٹ سے متعلق کسی بھی قسم کا مواد نشر کرنے سے روک دیا۔غیر ملکی میڈیا خبر رساں ادارے کے مطابق 2 ریڈیو براڈکاسٹرز اور صوبائی ذرائع نے تصدیق کی ہے کہ محکمہ اطلاعات و ثقافت نے ہفتے کو ریڈیو اسٹیشنز کو ہدایت جاری کی کہ کرکٹ سے متعلق کوئی مواد نشر نہ کیا جائے۔محکمہ اطلاعات وثقافت کے ذرائع نے بتایا کہ کرکٹ کی کوریج پر پابندی عائد کر دی گئی ہے، جس میں میچوں کی کمنٹری، خبریں اور ٹیموں کی جیت سے متعلق رپورٹس بھی شامل ہیں۔مقامی ریڈیو اسٹیشن کے سربراہ نے بتایا کہ محکمہ اطلاعات وثقافت کی جانب سے فون کر کے ہدایت کی گئی ہے کہ اب ریڈیو پر کرکٹ کی کوریج نہیں کی جا سکتی۔ایک دوسرے ریڈیو اسٹیشن کے منتظم نے بھی پابندی کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکام نے فون پر بتایا ہے کہ فی الحال کرکٹ سے متعلق ہر قسم کا مواد نشر کرنے پر پابندی ہے۔اے ایف پی کے مطابق افغانستان کرکٹ بورڈ نے اس فیصلے پر فوری طور پر موقف نہیں دیا۔واضح رہے کہ طالبان حکام نے افغانستان میں بعض کھیلوں پر پابندیاں عائد کر رکھی ہیں، جن میں مکسڈ مارشل آرٹس بھی شامل ہے، تاہم مردوں اور لڑکوں کو کرکٹ کھیلنے کی اجازت ہے۔دوسری جانب خواتین اور لڑکیوں پر کھیلوں کی سرگرمیوں اور جم جانے پر پابندی ہے، جبکہ ان کی عوامی زندگی میں شرکت بھی سخت محدود کر دی گئی ہے۔افغانستان کی مردوں کی کرکٹ ٹیم اس وقت متحدہ عرب امارات کے شہر شارجہ میں زمبابوے کے خلاف دوسرا ٹیسٹ میچ کھیل رہی ہے۔

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم
اندراج تاریخ پیدائش — اندراج تاریخ وفات — اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام — درستگی نام — اعلان لاتعلقی
عاق نامہ — اطلاع گمشدگی
تحصیلدار وراثتی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔
Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

بقیہ 1

اظہار انہوں نے لاہور میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ بی آئی ایس پی کے ملک بھر میں ایک کروڑ سے زائد مستفید خاندانوں میں سے تقریباً 50 لاکھ خاندانوں کا تعلق پنجاب سے ہے ۔ یہ اعداد وشمار واضح کرتے ہیں کہ بی آئی ایس پی ایک قومی فلاحی پروگرام ہے جو کسی سیاسی وابستگی کے بغیر ملک بھر کے مستحق خاندانوں کی معاونت کررہا ہے۔ ڈیجیٹل ادائیگیوں کے نئے نظام پر بات کرتے ہوئے چیئر پرسن بی آئی ایس پی نے کہا کہ صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف کی رہنمائی میں مستحق خواتین کو آسان اور شفاف ادائیگیاں فراہم کرنے کے لیے ڈیجیٹل موبائل والٹس اور انٹر آپریبلٹی پیمنٹ سسٹم متعارف کروایا گیا ہے۔ ون لنک (1LINK) کے ذریعے چھ پارٹنر بینکوں، جاز کیش، ایزی پیسہ، حبیب بینک لمیٹڈ، حبیب مائیکروفنانس بینک، بینک آف پنجاب اور بینک الفلاح کو اس نظام سے منسلک کیا گیا ہے۔ اب خواتین کسی ایک مخصوص ادائیگی مرکز کی پابند نہیں ہوں گی بلکہ اپنی سہولت کے مطابق ملک بھر میں کسی بھی متعلقہ بینک کے مجاز ایجنٹ یا ریٹیلر سے رقم وصول کرسکیں گی۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کو مفت سم فراہم کی گئی ہیں اور ان کے نام پر ڈیجیٹل والٹ اکاؤنٹس فعال ہوچکے ۔ رقم اکاؤنٹ میں منتقل ہونے اور نکلوانے پر ایس ایم ایس موصول ہوگا۔ خواتین اپنے موبائل فون، سم اور بینک میسج کو محفوظ رکھیں۔ کسی بھی غیر قانونی کٹوتی یا فراڈ کی صورت میں متعلقہ بینک یا قریبی بی آئی ایس پی دفتر میں شکایت درج کروائیں۔ اس سسٹم کو ڈیویلپ کرنے میں رہنمائی کے لئے سٹیٹ بینک خصوصا گورنر سٹیٹ بینک کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ خواتین کی رقم ان کا حق ہے اور غیر قانونی کٹوتیوں یا بدعنوانی میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ کسی طرح کی ناجائز کٹوتی پر اب بینک جوابدہ ہوں گے۔ چیئر پرسن بی آئی ایس پی نے مزید کہا کہ پروگرام میں رجسٹریشن، سروے اور تمام متعلقہ خدمات مفت ہیں۔ ڈائنامک رجسٹری کے ذریعے مستحق خاندانوں کے کوائف اپ ڈیٹ کیے جاتے ہیں۔ خواتین سروے کے دوران اپنے اور اپنے خاندان کے بارے میں درست معلومات فراہم کریں اور رجسٹریشن یا سروے کے نام پر کسی کو رقم ادا نہ کریں۔ انہوں نے میڈیا سے اپیل کی کہ وہ ڈیجیٹل ادائیگیوں کے نئے نظام، رقم وصول کرنے کے طریقہ کار اور احتیاطی تدابیر کے بارے میں خواتین کو آگاہ کرے تاکہ وہ آسانی اور اعتماد کے ساتھ اپنی رقم وصول کرسکیں۔ بعدازاں، چیئر پرسن بی آئی ایس پی نے بینفشری خواتین سے بھی ملاقات کی، ان کے مسائل اور مشکلات سنیں اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ان کی شکایات کا فوری ازالہ یقینی بنایا جائے ۔ انہوں نے سول سوسائٹی کی نمائندہ خواتین اور ڈاکٹرز سے بھی ملاقات کی اور پروگرام سے متعلق خصوصا بینظیر نشو نما پروگرام پر بریف کیا۔ سینیٹر روبینہ خالد نے بی آئی ایس پی لاہور ڈویژن کے افسران اور عملے کے ساتھ اجلاس میں ان کے مسائل سنے اور ہدایت کی کہ بینفشری خواتین کو خدمات کی فراہمی میں کسی قسم کی دشواری پیش نہیں آنی چاہیے۔ انہوں نے عملے پر زور دیا کہ خواتین کے ساتھ عزت واحترام سے پیش آئیں اور انہیں بروقت، مؤثر اور زیادہ سے زیادہ سہولت فراہم کریں۔

بقیہ 2

گیا۔ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پنجاب میں اینٹی ریپ ایکٹ لایا جائے گا جسے خواتین اور بچوں کے تحفظ کے لیے موجودہ دیگر قوانین مثلاً گھریلو تشدد کے خلاف خواتین کا تحفظ ایکٹ اور پنجاب ڈیسٹیٹیوٹ اینڈ نیگلیکٹڈ چلڈرن ایکٹ کے ساتھ ملا کر ایک جامع قانون بنا کر صوبے میں لاگو کیا جائے گا جس کے لیے سپیشل کورٹس قائم کی جائیں گی۔ یہ عدالتیں خواتین اور بچوں کے خلاف جرائم کے مقدمات میں تیز رفتاری سے ٹرائل مکمل کر کے متاثرین کو فوری انصاف دلائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ آج کے اجلاس میں تکلیف دہ بات وزیراعلیٰ کے سامنے آئی کہ سال 2025ء میں خواتین اور بچوں کے خلاف مقدمات میں سزاؤں کی شرح 0.7 فیصد یعنی نہ ہونے کے برابر ہے۔ اس سے اندازہ لگالیں کہ جرائم پیشہ افراد کسی عورت یا بچے کے ساتھ ظلم کرتے ہیں اور پھر وکٹری کا نشان بناتے ہوئے بڑی آسانی سے بری ہوکر باہر آجاتے ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ مریم نواز نے اجلاس کے دوران خواتین اور بچوں کے خلاف جرائم کے مقدمات میں سزائیں نہ ہونے پر تشویش کا اظہار کیا اور بطور خاص ایک شخص کا ذکر کیا جن کی بیٹی کے ساتھ ریپ ہوا تھا مگر ملزم عدالت سے باعزت بری ہوگیا جس پر انصاف نہ ملنے پر مایوس ہو کر انہوں نے خودکشی کر لی تھی۔ وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے اعداد وشمار پیش کرتے ہوئے کہا کہ 2025ء میں بچوں کے خلاف جرائم کے 44 فیصد کیسز میں پڑوسی جبکہ 54 فیصد کیسز میں گھر کے افراد یا رشتہ دار ملوث پائے گئے۔ یہ اعداد وشمار دیکھتے ہوئے مریم نواز نے سخت قانون لانے اور خصوصی عدالتیں قائم کرنے کا فیصلہ کیا تاکہ ان جرائم کے مرتکب افراد باعزت بری نہ ہو سکیں۔ عظمیٰ بخاری نے بتایا کہ اس سلسلے میں مریم نواز چیف جسٹس سے بھی ملاقات کریں گی۔ وزیر اطلاعات پنجاب نے کہا کہ خواتین اور بچے وزیراعلیٰ مریم نواز کی ریڈ لائن ہیں اور ان سے متعلق مقدمات میں سزاؤں کی شرح بہتر بنانے کے لیے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ وزیر اطلاعات نے لاء اینڈ آرڈر کی صورتحال بہتر کرنے کے لیے کیے گئے حکومتی اقدامات کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ مریم نواز نے جرائم کنٹرول کرنے اور عوام کی جان اور مال کے تحفظ کے لیے ہیلپ ڈیسک، ورچوئل پولیس اسٹیشنز ، ورچوئل سنٹرز فار چائلڈ سیفٹی، اور ریپ اور چائلڈ ابیوز کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اور موبائل پولیس اسٹیشنز قائم کیے۔ انہوں نے بتایا کہ ورچوئل پولیس اسٹیشن پر 12 لاکھ 40 ہزار خواتین نے رجوع کیا، جبکہ 27 ہزار سے زائد افراد کی شکایات دور کی گئیں۔ ورچوئل پولیس اسٹیشن پر سب سے زیادہ شکایات گھریلو تشدد سے متعلق موصول ہوتی ہیں اور اس حوالے سے 96 ہزار 892 ایف آئی آرز درج کی گئی ہیں۔ اس کے علاوہ انہوں نے دعویٰ کیا کہ پنجاب میں ایک لاکھ گمشدہ بچوں کو تلاش کرکے ان کے والدین تک پہنچایا گیا ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ خواتین کی شکایات سے متعلق ایک اسٹڈی بھی کرائی گئی ہے جس میں جنوبی پنجاب سے خواتین کی جانب سے نسبتاً کم شکایات سامنے آنے کا ذکر ہے۔ چوہدری سالک حسین کی جانب سے پنجاب حکومت پر لگائے گئے کرپشن کے الزامات پر سوال کیا جس کے جواب میں صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ کہ سالک حسین نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے قانونی نوٹس کے جواب میں آڈیٹر جنرل کی رپورٹ کا حوالہ دیا ہے، تاہم آڈٹ رپورٹ میں بے ضابطگیوں کی نشاندہی کو براہ راست کرپشن نہیں کہا جاسکتا۔ آڈٹ پیراز کے کرپشن کا ثبوت نہ ہونے پر زور دیتے ہوئے انہوں نے مزید کہا کہ آڈٹ پیراز پر محکمے اور آڈیٹرز پبلک اکاؤنٹس کمیٹی میں وضاحت دیتے ہیں اور اگر کسی رقم کے غلط استعمال کا معاملہ سامنے آئے تو اس کی ریکوری بھی کی جاتی ہے۔ آڈٹ پیراز میں سے 90 فیصد سے زیادہ نمٹا دیئے جاتے ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ ان کے پاس آڈیٹر جنرل آف پاکستان کی 2025-26 کی رپورٹ موجود ہے، جس میں وفاقی وزیر سالک حسین کے زیر انتظام اوورسیز ڈیپارٹمنٹ کے حوالے سے بھی آڈٹ پیراز ہیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ اس محکمے کے لیے مختص 11 ارب روپے میں سے 7 ارب روپے کے آڈٹ پیراز سامنے آئے ہیں۔ وزیر اطلاعات پنجاب نے کہا کہ اگر آڈٹ رپورٹ کو کرپشن قرار دینے کا اصول اپنایا جائے تو سالک حسین کو اپنے محکمے کے آڈٹ پیراز کا بھی جواب دینا ہوگا۔ اگر کوئی آڈٹ پیرا تصفیہ طلب رہ جائے یا اس پر ریکوری نہ ہو تو اس کے بارے میں سوال اٹھانا درست ہے۔ انہوں نے کہا کہ کہا جاتا ہے کہ کرپشن کس صوبے میں نہیں ہوتی لیکن آج میں یہ واضح کرنا چاہتی ہوں کہ کرپشن ہر صوبے میں ہوتی ہے لیکن اس کے خلاف کارروائی صرف پنجاب میں ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز کی ہدایت پر پنجاب میں اینٹی کرپشن نے کرپشن کے الزامات پر 723 افراد کو گرفتار کیا، جن میں 408 سرکاری ملازمین مبینہ طور پر رشوت لیتے ہوئے پکڑے گئے جبکہ انکوائری کے بعد مزید 315 افراد کو گرفتار کیا گیا۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پنجاب حکومت کے خلاف الزامات لگائے جائیں گے تو ان کا جواب بھی دیا جائے گا، تاہم مریم نواز کی کسی سے ذاتی لڑائی نہیں اور ان کی توجہ صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں اور حکومتی اقدامات پر ہے۔

بقیہ 3

قیمتوں میں اضافہ ہوتے ہی ٹرانسپورٹ کرایوں سے لے کر اشیائے ضروریہ اور بازار کی تقریباً ہر چیز کے نرخ فوری بڑھا دیے جاتے ہیں، مگر جب قیمتیں کم ہوتی ہیں تو اس کے ثمرات عوام تک منتقل کرنے میں کاروباری حلقے خاموشی اختیار کر لیتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ اگر مہنگا پیٹرول، ڈیزل ہر چیز کی قیمت بڑھانے کا جواز بنتا ہے تو سستا پیٹرول ڈیزل قیمتوں میں کمی کا سبب کیوں نہیں بنتا؟ ٹرانسپورٹ کرایوں میں فوری کمی کے ساتھ اسپیئر پارٹس، انجن آئل اور دیگر اشیاء کے نرخوں میں بھی اسی تناسب سے کمی ہونی چاہیے، جبکہ دکانداروں کو تھوک منڈیوں سے کم قیمت پر ملنے والی اشیاء کا فائدہ بھی صارفین تک پہنچنا چاہیے ۔ شہریوں نے انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ محض چھوٹے دکانداروں کے خلاف کارروائیوں تک محدود رہنے کے بجائے پوری سپلائی چین کا جائزہ لیا جائے ، آڑھتیوں، تھوک فروشوں اور بڑے سپلائرز کے نرخوں اور منافع کی جانچ پڑتال کر کے گراں فروشی کے اصل اسباب کا تعین کیا جائے ۔ ایل پی جی کے معاملے میں بھی صرف سلنڈر فروخت کرنے والے دکانداروں کو نشانہ بنانے کے بجائے پلانٹس مالکان اور ڈسٹری بیوشن نیٹ ورک تک سرکاری نرخوں کی پابندی یقینی بنائی جائے ۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ انتظامیہ کی ذمہ داری صرف جرمانے اور کارروائیاں دکھانا نہیں بلکہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا حقیقی فائدہ عوام کی دہلیز تک پہنچانا ہے؛ مہنگائی کے خلاف مؤثر اقدامات کے لیے چھوٹے بڑے تمام متعلقہ طبقات کا بلاامتیاز احتساب ناگزیر ہے۔

بقیہ 4

یونٹ محمد عرفان مان، عامر لطیف ڈائریکٹر ادارہ برائے تحقیق سبزیات فیصل آباد کے علاوہ کاشتکاروں نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے چیئر مین اسپیکشن ٹیم نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب نے خطہ پوٹھوہار کے لئے انقلابی اقدامات کیے ہیں۔ زراعت وزیر اعلیٰ پنجاب کی اولین ترجیح ہے ۔ تاریخ میں پہلی بار ادرک کی کاشت کے فروغ کے لئے کاشتکاروں کو سبسڈی دی جا رہی ہے ۔ سید شاہد افتخار بخاری ڈائریکٹر زراعت توسیع راولپنڈی ڈویژن نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے خطہ پوٹھوہار کے لیے ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن پلان کے تحت ادرک کی کاشت کے فروغ کیلئے پروگرام متعارف کروایا گیا ہے۔ اس پروگرام کے تحت تین سالوں میں 100 ایکڑ پر ادرک کی کاشت کے فروغ کے لیے سبسڈی دی جارہی ہے ۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس پلان کے تحت منی ڈیمز کی تعمیر اور اصلاح آبپاشی کی سکیموں کے علاوہ زرعی تحقیق کے منصوبے شامل ہیں۔ ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن پلان خطہ پوٹھوہار کے لیے گیم چینجر ثابت ہوگا۔ اس موقع پر عامر لطیف ڈائریکٹر ادارہ برائے تحقیق سبزیات نے کہا کہ اس پروگرام کے تحت ادرک کی کاشت کیلئے 32 لاکھ 90 ہزار روپے فی ایکڑ سبسڈی دی جاری ہے۔ اس میں ادرک کا معیاری بیج، ٹنل سٹرکچر، شیڈ نیٹ اور ڈرپ اریگیشن سسٹم پر سو فیصد سبسڈی شامل ہیں۔ پہلے سال میں 10 منتخب کاشتکاروں کو سبسڈی دی گئی ہے ۔ امسال خطہ پوٹھوہار اور سون ویلی خوشاب کے مزید 10 کاشتکاروں کو بھی ادرک کی کاشت کے فروغ کے لئے سبسڈی دی جائے گی۔ ادرک کی کاشت کے لیے خطہ پوٹھوہار کی آب وہوا بہت سازگار ہے۔ اس لیے اس خطہ کے کاشتکار ادرک کی کاشت کی طرف آئیں۔ اس موقع پر محمد عرفان مان ریجنل منیجر/ ڈائریکٹر پروجیکٹ مینجمنٹ یونٹ نے کہا کہ پوٹھوہار ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن پلان کے تحت منصوبہ جات کو انتہائی شفافیت سے مکمل کیا جارہا ہے ۔ تقریب کے آخر میں راجہ محمد حنیف چیئر مین وزیر اعلیٰ پنجاب اسپکشن ٹیم وایم پی اے نے قرعہ اندازی میں جیتنے والے خوش نصیب کاشتکاروں میں آفر لیٹرز بھی تقسیم کیے۔

بقیہ 5

میڈیکل کیمپ بھی منعقد کیا گیا۔ اس تقریب میں میجر جنرل (ر) مسعود الرحمٰن کیانی، صدر پناہ؛ کرنل ڈاکٹر شکیل مرزا، چیئر مین تنظیم جرال راجپوت فاؤنڈیشن؛ بریگیڈیئر (ر) ایم منیر، سرپرست تنظیم جرال راجپوت فاؤنڈیشن؛ راجہ اخضر، صدر جہلم؛ اور مسٹر ثناء اللہ گھمن، جنرل سیکرٹری پناہ نے شرکت کی۔ آگاہی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے میجر جنرل (ر) مسعود الرحمٰن کیانی نے اس بات پر زور دیا کہ ذیابیطس اور امراض قلب سمیت غیر متعدی بیماریوں کے بوجھ کو کم کرنے کے لیے بچاؤ سب سے مؤثر طریقہ ہے ۔ انہوں نے قابلِ علاج بیماریوں سے معاشرے کو محفوظ رکھنے کے لیے صحت مند طرزِ زندگی، متوازن غذا، باقاعدہ جسمانی سرگرمیوں اور عوامی آگاہی کی اہمیت پر زور دیا۔ مسٹر ثناء اللہ گھمن، جنرل سیکرٹری پناہ نے پاکستان میں ذیابیطس کے بڑھتے ہوئے بحران کو اجاگر کیا اور اس بات پر زور دیا کہ غیر صحت بخش غذائیں، چینی سے بھرپور مشروبات اور الٹرا پروسیسڈ غذاؤں کا ضرورت سے زیادہ استعمال اس بیماری کے بڑے خطرناک عوامل ہیں۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ صارفین کو باخبر انتخاب کرنے میں مدد دینے کے لیے غیر صحت بخش غذائی مصنوعات پر پیکٹ کے سامنے لازمی انتباہی لیبلز (FOPWLs) متعارف کروائے جائیں۔ انہوں نے چینی سے بھرپور مشروبات پر ٹیکس میں اضافے اور غذائی نظام سے صنعتی طور پر تیار کردہ ٹرانس فیٹس کے خاتمے کا بھی مطالبہ کیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ذیابیطس اور دیگر غیر متعدی بیماریوں کی روک تھام کے لیے مضبوط عوامی صحت کی پالیسیاں ناگزیر ہیں۔ بریگیڈیئر (ر) ایم منیر نے بھی شرکاء سے خطاب کیا اور احتیاطی صحت کی سہولیات اور صحت مند طرز زندگی کے فروغ کے لیے کمیونٹی کی شمولیت اور اجتماعی کوششوں کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ کمیونٹی کو صحت کی سہولیات فراہم کرنے کے اقدام کے تحت پناہ اور تنظیم جرال راجپوت فاؤنڈیشن نے ایک مفت میڈیکل کیمپ بھی منعقد کیا، جس میں 24 ڈاکٹروں نے مریضوں کا طبی معائنہ کیا اور انہیں مفت طبی مشاورت، ادویات اور تشخیصی ٹیسٹ کی سہولیات فراہم کیں۔ اس اقدام کا مقصد ضروری طبی سہولیات تک رسائی کو بہتر بنانا اور بیماریوں کی بروقت تشخیص کی حوصلہ افزائی کرنا تھا۔ تقریب کا اختتام عوامی آگاہی کو فروغ دینے، صحت مند غذائی انتخاب کی حوصلہ افزائی کرنے اور ذیابیطس سمیت دیگر قابلِ تدارک بیماریوں سے عوام کو محفوظ رکھنے کے لیے مؤثر حکومتی پالیسیوں کی وکالت کے عزم کے ساتھ ہوا۔

بقیہ 6

14 اور 15 نومبر کو لاہور میں ہوئی، جس میں 35 جامعات کے 388 منصوبے پیش کیے گئے۔ پہلی پوزیشن حاصل کرنے والا منصوبہ شہد، جڑی بوٹیوں اور جدید نینو ٹیکنالوجی کے امتزاج سے تیار کی گئی ایسی باریک پٹی ہے جو زخموں کو مندمل کرنے میں مدد دیتی ہے ۔ منصوبے کے مطابق یہ پٹی زخموں، دانوں، جلدی انفیکشن اور ذیابیطس کے السر کے علاج میں معاون ہے، زخم کو صاف رکھتی ہے، درد اور نشانات کو کم کرتی ہے اور اینٹی بایوٹک ادویات کے استعمال میں کمی لاتی ہے ۔ یہ پٹی مکمل طور پر قدرتی طور پر گل جانے والی، جلد کے لیے نرم اور عام گھرانوں کی پہنچ میں ہے۔ اس سے مریضوں کو جلد اور آرام دہ صحت یابی کے ساتھ ہسپتال کے چکروں اور علاج کے اخراجات میں کمی کی توقع ہے ۔ تیسری پوزیشن حاصل کرنے والا منصوبہ پیکیجنگ کے لیے ایک نئی قسم کی باریک فلم شیٹ (Thin Film Sheet) متعارف کرواتا ہے ، جو مکمل طور پر حیاتیاتی طور پر تحلیل ہونے کی صلاحیت (Biodegradable) رکھتی ہے ۔ یہ فلم قدرتی طور پر مختصر مدت میں گل سڑ کر مٹی میں شامل ہو جاتی ہے اور اپنے پیچھے کوئی نقصان دہ فضلہ یا مائیکروپلاسٹک کے ذرات نہیں چھوڑتی۔

بقیہ 7

دکان پر نامعلوم مسلح افراد پہنچے اور مبینہ طور پر شہری کو نشانہ بناتے ہوئے اس سے ایک موبائل فون اور 80 سے 90 ہزار روپے نقدی چھین کر فرار ہوگئے ۔ اچانک پیش آنے والی اس واردات نے متاثرہ شہری کو شدید مالی نقصان اور پریشانی سے دوچار کر دیا متاثرہ شہری نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ نامعلوم مسلح افراد اس کا موبائل فون اور 80 سے 90 ہزار روپے نقدی چھین کر لے گئے ہیں واردات کے باعث اسے شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے متاثرہ شہری نے پولیس کے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ اس کی لوٹی گئی رقم اور موبائل فون کی برآمدگی کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں اور واردات میں ملوث ملزمان کو گرفتار کیا جائے شہر میں پیش آنے والی اس واردات کے بعد شہری حلقوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ دکانوں کاروباری مراکز اور عوامی مقامات پر لوٹ مار کے واقعات عوام کے لیے باعث تشویش ہیں شہری اپنے کاروبار اور روزمرہ معمولات کے دوران بھی عدم تحفظ محسوس کر رہے ہیں رات کے وقت تجارتی مقامات پر اس قسم کی وارداتیں پولیس گشت اور جرائم کی روک تھام کے انتظامات پر بھی سوالات اٹھا رہی ہیں علاقہ مکینوں اور شہریوں نے ایس ایس پی کشمور اور اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ بابو لعل کی دکان پر پیش آنے والی ڈکیتی کی واردات کا فوری نوٹس لیا جائے واقعے کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں ملزمان کی شناخت کر کے انہیں گرفتار کیا جائے اور متاثرہ شہری کا لوٹا گیا موبائل فون اور نقد رقم واپس دلوائی جائے شہریوں نے مزید مطالبہ کیا ہے کہ کندھ کوٹ شہر کے بازاروں تجارتی مراکز اہم شاہراہوں اور گنجان آباد علاقوں میں پولیس گشت مؤثر بنایا جائے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں کی جائیں اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام سکون کے ساتھ اپنے کاروبار اور روزمرہ زندگی جاری رکھ سکیں

بقیہ 8

ہیں۔ عوامی تحفظ کے پیش نظر پبلک ٹرانسپورٹ میں پینک بٹن کی تنصیب لازمی قرار دی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ شہر کے ہر سیکٹر میں ٹیمیں موجود ہیں جبکہ رکشوں کے لیے 12 الگ ٹیمیں بھی مختص کی گئی ہیں، رکشہ یونینز کے مطالبے پر 4 نئے لائسنس سینٹرز بھی قائم کردیئے گئے ہیں۔

بقیہ 9

۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سینیٹر طلال چوہدری نے کہا کہ جڑانوالہ کی تعمیر وترقی کے لیے تحصیل کی سطح پر سیوریج کے شعبے میں ریکارڈ فنڈز فراہم کیے گئے ہیں جبکہ اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے ۔ انہوں نے کہا کہ شہر میں کارپٹ روڈز کی تعمیر کے ساتھ ساتھ گلیوں میں معیاری ٹف ٹائل بھی لگائی جائیں گی تاکہ شہریوں کو بہتر بنیادی سہولیات فراہم کی جاسکیں۔ کوئی گاں ایسا نہیں جہاں سڑکوں، سکولوں یا گلیوں کی تعمیر وترقی کے منصوبوں پر کام نہ ہورہا ہو۔ وزیراعظم پاکستان کی جانب سے 150 دیہات کے لیے بجلی کی فراہمی کی سکیمیں دی گئی ہیں جن پر کام جاری ہے جبکہ 60 دیہات کو گیس کی سہولت فراہم کی جاچکی ہے۔ موٹروے کی تعمیر اور کارپٹ روڈز کے ذریعے علاقے میں رابطہ سڑکوں کا جال بچھایا گیا ہے۔ سینیٹر طلال چوہدری نے مزید کہا کہ تمام ترقیاتی منصوبے شفافیت، اعلیٰ معیار اور مقررہ مدت کے اندر مکمل کیے جائیں گے ۔ جڑانوالہ میں یونیورسٹی کا قیام بھی عنقریب عمل میں لایا جائے گا اور عوام سے کیے گئے تمام وعدے مرحلہ وار پورے کیے جائیں گے ۔ انہوں نے گرین بس سروس کو تحصیل ہیڈ کوارٹر جڑانوالہ تک توسیع دینے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس سے طلبہ، مزدوروں اور عام شہریوں کو سفری سہولیات میسر آئیں گی۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ جب وسائل صوبوں کو فراہم کیے جاتے ہیں تو ترقیاتی فنڈز صرف پنجاب میں ہی کیوں نظر آتے ہیں انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ جڑانوالہ کی تعمیر وترقی، عوامی مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے ترقیاتی عمل جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 10

کرن خورشید کے مطابق گنے کی کرشنگ کے آغاز کا نوٹیفکیشن محکمہ فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروڈکشن پنجاب نے 14 نومبر کو کردیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گنے کی کرشنگ کے لیے ڈیو سیس 5 روپے فی 40 کلوگرام مقرر کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ گنے پر عائد 5 روپے فی 40 کلوگرام سیس شوگر ملوں اور کاشتکاروں کے درمیان برابر تقسیم ہوگا۔ شوگر ملوں اور گنا فروخت کرنے والے کاشتکاروں کو سیس کی ادائیگی برابر کی بنیاد پر کی جائے گی۔ ڈاکٹر کرن خورشید نے کہا کہ اگر شوگر مل اپنی ہی زرعی زمین سے گنا حاصل کرے تو مکمل سیس شوگر مل کو خود ادا کرنا پڑے گا ۔ گورنر پنجاب کی منظوری کے بعد محکمہ فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروڈکشن نے دونوں نوٹیفیکیشن جاری کیے ہیں۔ سیکرٹری فوڈ سیفٹی نے مزید بتایا کہ پنجاب میں شوگر ملوں کو کرشنگ اور گنے پر عائد سیس سے متعلقہ حکومتی فیصلوں پر عملدرآمد کا باقاعدہ آغاز کردیا گیا ہے۔

بقیہ 11

نوٹس کا جواب جمع کرا دیا اور مریم نواز اور وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ زاہد بخاری کو بھی ہتک عزت کے قانونی نوٹس بھجوانے کا اعلان کیا ہے۔ چودھری سالک حسین نے وزیراعلیٰ پنجاب کے قانونی نوٹس کا تحریری جواب اپنے وکیل کے ذریعے ارسال کیا ہے تاہم جواب میں اختیار کیا گیا قانونی مؤقف اور پیش کیے گئے دلائل تاحال سامنے نہیں آئے۔ وفاقی وزیر نے 6 نومبر کو قانونی نوٹس موصول ہونے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا تھا کہ وہ اس کا جواب دیں گے۔ 11 نومبر کو ان کا کہنا تھا کہ جواب تیار کرلیا گیا ہے اور اسے چند روز میں منظر عام پر لایا جائے گا، اب انہوں نے باضابطہ طور پر نوٹس کا جواب بھجوا دیا ہے۔ دوسری جانب چودھری سالک حسین نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ انہوں نے اپنے قانونی مشیر کے ذریعے ہتک عزت کے 2 قانونی نوٹس بھی ارسال کیے ہیں، جن میں سے ایک وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور دوسرا عظمیٰ زاہد بخاری کو بھجوایا گیا ہے۔ وفاقی وزیر نے اپنے بیان میں دونوں قانونی نوٹس بھجوانے کی تصدیق کی تاہم انہوں نے ان نوٹسز کے مندرجات، ہرجانے کی رقم یا اپنے الزامات کی تفصیلات بیان نہیں کیں۔ چودھری سالک حسین کی جانب سے وزیراعلیٰ پنجاب کے قانونی نوٹس کا جواب جمع کرانے اور مریم نواز و عظمیٰ بخاری کو جوابی قانونی نوٹس بھجوانے کے بعد دونوں جانب سے جاری قانونی تنازع میں مزید پیشرفت ہوئی ہے۔

بقیہ 12

1122 کے اہلکاروں اور مقامی لوگوں نے ملبے سے دو لاشوں اور ایک زخمی کو نکال کر واڑی ہسپتال منتقل کردیا۔

بقیہ 13

علاقہ معظم آباد کی دو سگی بہنوں کا تقرر کر کے روبینہ مختار وینس کو میونسپل کمیٹی پنڈی بھٹیاں (ضلع حافظ آباد) اور عنبرین مختار وینس کو چیف آفیسر میونسپل کمیٹی وار برٹن تعینات کردیا ہے۔

بقیہ 14

نکل لیں جسے طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کیا گیا تاہم وہ جانبر نہ ہوسکا۔ شادمان کے علاقے میں فٹ پاتھ کے کنارے سے 70 سالہ بزرگ شہری کی لاش برآمد ہوئی ہے جس کی شناخت نہیں ہو سکی۔ اکبری گیٹ سرکلر روڈ پارک سے 33 سالہ نامعلوم شخص مردہ حالت میں پایا گیا۔ لاری اڈہ مسافر خانے کے قریب سے 35 سالہ نامعلوم شخص نشے کی زیادتی کے باعث جاں بحق ہو گیا، نشتر کالونی سے 40 سالہ نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی، متوفی بظاہر نشے کا عادی معلوم ہوتا ہے۔ پولیس اور تحقیقاتی اداروں نے تمام واقعات کے شواہد اکٹھے کر کے لاشوں کو مردہ خانے منتقل کردیا۔

بقیہ 15

دینے والی شخصیت سے محروم ہوگئے ۔ آپ نے اپنی زندگی کا نصف صدی سے زائد عرصہ رائے ونڈ مرکز میں دینی تعلیم و تدریس اور دعوت و تبلیغ کے لیے وقف کیے رکھا۔ مولانا نذر الرحمٰن 1929ء میں گاؤں بلاول، ضلع راولپنڈی میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد حافظ غلام محی الدین ایک دیندار شخصیت تھے۔ مولانا نذر الرحمٰن نے ابتدائی دینی تعلیم مولانا عبدالخالق سے حاصل کی، بعدازاں مفتی عبدالحئی قریشی اور دار العلوم ربانیہ بھوئی گڑھ سے استفادہ کیا، جبکہ اعلیٰ تعلیم مولانا فرید الدین قریشی سے حاصل کی۔

بقیہ 16

مقام رکھتے تھے اور ان کی قیادت میں جماعت کی سرگرمیاں جاری رہیں۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور پاکستان علماء کونسل کے چیئرمین حافظ طاہر محمود اشرفی سمیت دیگر نے امیر تبلیغی جماعت مولانا نذر الرحمان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے سوگوار خاندان اور تبلیغی جماعت کے اکابرین کے ساتھ دلی ہمدردی و اظہار تعزیت اور مولانا نذر الرحمٰن کی دین اسلام کیلئے تبلیغ کے خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ مولانا نذر الرحمٰن نے دین اسلام کی تبلیغ کے لیے گراں قدر خدمات انجام دیں، امیر تبلیغی جماعت مولانا نذر الرحمٰن کی دین اسلام کے لیے خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

بقیہ 17

حکومتی ذرائع کے مطابق ہفتہ وار تعطیل کے باوجود ضلعی انتظامیہ پشاور تجاوزات کیخلاف پوری طرح متحرک رہی۔ آپریشن کے دوران تنگ بازاروں کے دونوں اطراف قائم تجاوزات ہٹا کر آمدورفت کے راستے کھول دیے گئے ۔ تنگ بازاروں سے تجاوزات کے خاتمے سے شہریوں کو بہتر گزرگاہیں میسر آئیں گی اور کاروباری سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ پشاور کی خوبصورتی اور عوامی سہولیات کی بہتری کے لیے انتظامیہ کی کارروائیوں کو شہریوں کی جانب سے بھرپور سراہا جارہا ہے۔

بقیہ 18

کے خلاف جرائم کے مقدمات کا مقررہ مدت میں فیصلہ کرنا ضروری قرار دیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے خواتین اور بچوں کیخلاف جرائم میں سزا کی شرح پر تشویش کا اظہار کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے موثر انویسٹی گیشن کیلئے پولیس افسروں کی کپیسٹی بلڈنگ کی ہدایت کی۔ اجلاس میں کوالٹی آف انویسٹی گیشن اور پراسیکیوشن میں بہتری کے لئے اے آئی کی معاونت پر اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر بچوں اور خواتین کے کیسز میں آڈیو ویڈیو شہادتوں کی موثر ریکارڈنگ کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے خواتین بچوں سے زیادتی کا واقعات کے پیشگی سدباب کے لئے بھی اقدامات کا حکم دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو اجلاس میں آئی جی پولیس نے خواتین اور بچوں کیخلاف جرائم اور حکومتی اقدامات پر تفصیلی رپورٹ میں بتایا کہ صوبہ بھر میں وویمن ہیلپ ڈیسک، ورچوئل وویمن پولیس اسٹیشن، ورچوئل چائلڈ سیفٹی اور موبائل پولیس اسٹیشن کام کررہے ہیں۔

بقیہ 19

درخواست گزار کے خاوند کے خلاف تھانہ کاہنہ میں قتل کا مقدمہ درج تھا جس کی ساعت کے دوران چیف جسٹس عالیہ نیلم نے کیس کی کارروائی کی۔

بقیہ 20

بنانے کے لیے مجموعی طور پر 4 لاکھ 42 ہزار 768 انسپکشنز کی گئیں۔ سیکرٹری فوڈ سیفٹی کے مطابق ایک ہفتے کے دوران اوور چارجنگ کی 17 ہزار 221 خلاف ورزیاں سامنے آئیں، جبکہ دکانوں پر سرکاری نرخ نامے آویزاں نہ کرنے کے 2 ہزار 50 واقعات رپورٹ ہوئے۔ قانونی خلاف ورزیوں میں ملوث دکانداروں کو مجموعی طور پر ایک کروڑ 20 لاکھ 78 ہزار سے زائد جرمانے عائد کیے گئے۔ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارروائیوں کے دوران 6 مقدمات درج اور 255 افراد کو گرفتار کیا گیا۔ مختلف اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کی نگرانی کے لیے جن میں روٹی کی فروخت اور مقررہ قیمتوں پر عملدرآمد کے حوالے سے 68 ہزار 769 انسپکشنز کی گئیں۔ چکن میٹ کی قیمتوں کی چیکنگ کے لیے 18 ہزار 246، آٹے کے تھیلوں کی قیمتوں اور سرکاری نرخوں پر عملدرآمد کے لیے 15 ہزار 628 جبکہ باسمتی چاول کی قیمتوں کی چیکنگ کے لیے بھی انسپکشنز کی گئیں۔ ڈاکٹر کرن خورشید کے مطابق دال مسور، دال ماش، دال مونگ، سبزیوں، گھی، چینی، انڈوں اور دیگر بنیادی اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کی بھی مسلسل نگرانی کی جارہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ محکمہ فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن پنجاب کے ڈائریکٹوریٹ جنرل انفورسمنٹ کے تحت پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارروائیوں کا مقصد عوام کو مقررہ نرخوں پر اشیائے ضروریہ کی دستیابی یقینی بنانا اور ناجائز منافع خوری کا سدباب کرنا ہے۔

بقیہ 21

میں سپرد خاک کردیا گیا۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا کے قصبہ شاہپور کے چک 67 بھچراں والا کا 18 سالہ طالب علم عبدالرافع اپنے دوستوں محمد رضوان کے ساتھ ٹیکنیکل کالج سے موٹرسائیکل پر واپس گاؤن جارہے تھے کہ پولیس پٹرولنگ چیک پوسٹ کے قریب تیز رفتار کار کی ٹکر سے موٹرسائیکل سوار 18 سالہ طالب علم عبدالرافع جانبحق ہوگیا اور اس کا ساتھی طالب علم محمد رضوان بال بال بچ گیا اور کار سوار گاڑی لیکر فرار ہوگیا جب متوفی کی نعش اچانک گھر پہنچی تو کہرام مچ گیا۔ جس کو آہوں اور سسکیوں میں چک 67 شمالی بھچراں والا آبائی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔

بقیہ 22

عبدالحکیم اور عبدالحکیم سے شورکوٹ تک بند رہی۔ قومی شاہراہ پر خانیوال کے قریب بھی دھند کے باعث حد نگاہ متاثر ہوئی ہے۔ ترجمان کے مطابق موٹرویز کی بندش مسافروں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے کی گئی ہے۔ شہریوں کو غیر ضروری سفر سے گریز اور دھند کے دوران صبح 10 بجے سے شام 6 بجے تک سفر کو ترجیح دینے کی ہدایت کی گئی ہے۔ موٹروے پولیس نے ڈرائیورز کو رفتار کم رکھنے، گاڑیوں کے درمیان مناسب فاصلہ برقرار رکھنے، فوگ لائٹس استعمال کرنے اور غیر ضروری اوورٹیکنگ سے گریز کرنے کی بھی ہدایت کی ہے تاہم ترجمان سید عمران احمد ترجمان سنٹرل ریجن کے مطابق موٹروے ایم 3 اور ایم 4 کو حد نگاہ بہتر ہونے پر ٹریفک کے لیے کھول دیا گیا ہے۔

بقیہ 23

کی گئیں۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 61 صنعتی یونٹس کی انسپکشن کی گئی، خلاف ورزی پر 3 یونٹس سیل اور 5 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ اسی دوران 106 بھٹوں کی جانچ پڑتال کے بعد 3 بھٹے سیل کیے گئے جبکہ 7 کمرشل کچرا اور باربی کیو پوائنٹس چیک کیے گئے، جن میں سے 6 پر سکشن ہڈز نصب کرائے گئے ۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ وزیر اعلیٰ کی قیادت میں ماحولیاتی تحفظ کیلئے پائیدار اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے کسانوں سے اپیل کی کہ فصلوں کی باقیات کو آگ نہ لگائیں جبکہ شہری بھی دھواں پھیلانے سے گریز کریں اور اپنی گاڑیوں کی فوری فٹنس سرٹیفکیشن کروائیں۔

بقیہ 24

اسلام آباد کے بلدیاتی انتخابات کے میدان سے بھاگ گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبوں اور انتظامی یونٹس میں اضافے کا مطالبہ غیر جمہوری یا غیر آئینی نہیں۔ ریفرنڈم کی تاریخ بہت بھیانک ہے، ماضی میں کوئی بھی ریفرنڈم عزت نہ پاسکا۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ ریفرنڈم آئینی رکاوٹ دور نہیں کرے گا، آئین کا ہی پھر حلیہ بگاڑا جائے گا۔ عوام جانتے ہیں یہ جعلی حکومتیں ہیں، یہ حکومتیں فارم 47 پر لائی گئی ہیں

بقیہ 25

پر مختلف علاقوں سے آئے ہوئے شہریوں نے اپنے مسائل اور شکایات پیش کیں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو نے شہریوں کے مسائل کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات جاری کیں اور یقین دہانی کرائی کہ عوامی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو ریلیف فراہم کرنے اور ان کی شکایات کے ازالے کے لیے ہر ممکن اقدامات کررہی ہے۔

بقیہ 26

انسٹی ٹیوشن کے مطابق صوبے بھر میں 12 لاکھ سے زائد رجسٹرڈ محنت کش اس سہولت سے مستفید ہو رہے ہیں، منصوبے کے تحت ہر رجسٹرڈ محنت کش کو ماہانہ 3 ہزار روپے سبسڈی فراہم کی جا رہی ہے۔ پیسی حکام کے مطابق مریم نواز راشن کارڈ پروگرام کے تحت اب تک 46 ارب روپے سے زائد کی سبسڈی فراہم کی جاچکی ہے۔

بقیہ 27

نہم و گیارہویں جماعت کا سمارٹ سلیبس جاری کیا گیا، دوسرے مرحلے میں میٹرک اور بارہویں جماعت کا سلیبس جاری، کمپیوٹر اور میتھس طلبا کیلئے سمارٹ سلیبس جاری کردیا گیا، میٹرک ٹیک کا سمارٹ سلیبس بھی جاری کردیا گیا، آئندہ سال میٹرک و انٹر امتحانات مذکورہ سمارٹ سلیبس میں سے لیا جائے گا۔ ترجمان کے مطابق طلبہ کی تعلیمی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے سمارٹ سلیبس تیار کیا جارہا ہے، جس کا مقصد انہیں آئندہ سال ہونے والے بورڈ امتحانات کی تیاری میں آسانی فراہم کرنا ہے۔ سمارٹ سلیبس کے ذریعے طلبا کو امتحانات کی تیاری کیلئے زیادہ منظم انداز میں رہنمائی مل سکے گی، جبکہ انہیں اہم نصابی مواد پر توجہ مرکوز کرنے میں بھی مدد ملے گی۔

بقیہ 28

ڈی ایچ اے فیز 8 میں پرائم لنک پر چھاپہ مارا گیا جہاں سے ایک چینی شہری فین لو اور تین خواتین سمیت 35 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، 40 کمپیوٹرز، 34 موبائل فون اور آئی پیڈ برآمد کیے گئے۔ ڈی ایچ اے فیز 6 میں دو مقامات پر کارروائیاں کی گئیں جس میں تین چینی باشندوں اور پانچ خواتین سمیت 23 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، ملزمان کے قبضے سے 23 کمپیوٹرز اور 30 موبائل فون تحویل میں لے لیے گئے۔ جعلی فیس بک اکاؤنٹس پر خواتین کی تصاویر اور فرضی ناموں سے غیر ملکی شہریوں کو جھانسہ دے کر واٹس ایپ گروپس کے ذریعے لوٹا جاتا تھا۔ غیر قانونی کال سینٹرز کے خلاف پانچ کارروائیوں میں 62 ملزمان کو گرفتار کیا گیا جن کے قبضے سے 100 لیپ ٹاپ، 14 کمپیوٹرز، 73 موبائل فونز اور دو سرورز سمیت 189 ڈیوائسز برآمد کی گئیں۔

بقیہ 29

قابل تحسین ہے۔ ڈیوٹی کی ذمہ داریاں نبھانے کے ساتھ مقابلے کا امتحان پاس کرنا ان کی محنت، لگن اور عزم کا واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ کی محنت اس بات کی مستحق ہے کہ آج آپ ایک بڑے نظام کا حصہ بنے ہیں۔ اب آپ پنجاب کے کسی بھی محکمے میں اپنی خدمات انجام دے سکتے ہیں۔ افتخار علی سہو نے کہا کہ سابقہ محکموں میں حاصل کیا گیا تجربہ نئی سروس میں افسران کے لیے بہت معاون ثابت ہوگا۔ انہوں نے نو منتخب پی ایم ایس افسران کے لیے نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا۔

بقیہ 30

جی فوڈ پنجاب اور فلور ملز کے درمیان اتفاق رائے ہو گیا، ڈی جی فوڈ نے کہا کہ سرکاری گندم کے حصول کیلئے فلور ملز کی گزشتہ 3 ماہ کی فعالیت کی شرط برقرار رہے گی۔

بقیہ 31

شامل ہیں۔ ڈینگی کے پانچ مریض ہسپتالوں میں زیر علاج ہیں جن میں چار تصدیق شدہ کیسز ہیں۔ اعداد وشمار کے مطابق ڈینگی مچھر کے خاتمے اور نگرانی کیلئے 415 آؤٹ ڈور اور 985 ان ڈور ٹیمیں سرگرم ہیں، جنہوں نے 61 لاکھ 59 ہزار 33 گھروں اور 21 لاکھ 18 ہزار 369 مقامات کی جانچ کی جہاں سے 2 لاکھ 22 ہزار 172 گھروں اور 27 ہزار 943 مقامات پر ڈینگی لاروا کی موجودگی کی نشاندہی ہوئی جبکہ مجموعی طور پر 2 لاکھ 50 ہزار 115 لاروا تلف کیے گئے۔ ڈینگی لاروا کی موجودگی پر کارروائی کے دوران 2 ہزار 798 ایف آئی آر درج، 686 مقامات سیل، 2 ہزار 331 چالان اور 31 لاکھ 56 ہزار روپے جرمانے عائد کیے گئے۔ رپورٹ کے مطابق راولپنڈی میونسپل کارپوریشن کا علاقہ پیرودھائی، کھوڑہ کے ڈھکالی اور دھوک منگل سمیت بعض علاقے لاروا کی زیادہ شرح کے باعث نمایاں رہے۔

بقیہ 32

پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن کے چیئرمین عاصم غنی عثمان نے پنجاب کے چیئرمین خان محمد اشرف ، سابق چیئرمین چوہدری ذکاء اشرف سمیت دیگر عہدیداروں کے ہمراہ مقامی ہوٹل میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ چیئرمین عاصم غنی عثمان نے کہا کہ ہماری صدر پاکستان، وزیراعظم اور فیلڈ مارشل سے درخواست ہے کہ شوگر انڈسٹری کی سپورٹ کی جائے اور ہمارے مسائل حل کیے جائیں۔ اگر ہمارے ڈیپارٹمنٹ چاہیں تو ایک منٹ میں سارا ڈیٹا لے سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں چینی کے وافر ذخائر موجود ہیں مگر برآمد کی اجازت نہ ملنے پر شوگر انڈسٹری سراپا احتجاج ہے۔ انہوں نے حکومتی پالیسیوں کو بحران کی وجہ قرار دیا اور چینی برآمد کرنے اور کرشنگ سیزن کے لیے پندرہ روز کی مہلت دینے کا مطالبہ بھی کیا۔

بقیہ 33

روک سکتیں، پنجاب بدستور شدید بدانتظامی اور بدعنوانی کی دلدل میں پھنسا ہوا ہے۔ چوہدری سالک نے کہا کہ یہ وہ مسائل ہیں جن پر دھمکیوں کے بجائے ذرا سی خود احتسابی اور جوابدہی کی ضرورت ہے، پاکستان اور پنجاب کے وسیع تر مفاد میں شفافیت اور احتساب کیلئے ہمارا عزم غیر متزلزل ہے۔

بقیہ 34

اور دفاعی حصار کو مزید مضبوط بنائے گا۔ دفاعی ذرائع کے مطابق یہ پیش رفت ایسے وقت میں سامنے آئی جب گزشتہ اڑتالیس گھنٹوں کے دوران آبنائے ہرمز اور خلیجی پانیوں میں بارودی سرنگوں سے ٹکرانے کے باعث پانچ بحری جہازوں میں آگ لگنے کے واقعات پیش آئے، جبکہ بھارتی بحری حکام نے بھی خلیج میں ایک آئل ٹینکر پر حملے کی اطلاع دی جس کا عملہ خوش قسمتی سے محفوظ رہا۔ مبصرین کا کہنا تھا کہ اٹھائیس فروری کو امریکا اور اسرائیل کے ایران پر مشترکہ حملے سے شروع ہونے والی جنگ کے خاتمے کے لیے تاحال کوئی بڑی سفارتی پیشرفت نہیں ہوسکی، تاہم رواں ہفتے ایشیا میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی چین اور روس کے صدور سے متوقع ملاقات پر عالمی برادری کی نظریں مرکوز ہوگئیں۔

بقیہ 35

پرانے زخموں کا علاج نہ ہونے کے باعث جسم میں انفیکشن شدت اختیار کر گیا تھا۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق بچی کی کمر، گھٹنوں اور بازوؤں پر بدترین تشدد کے نشانات پائے گئے ۔ بچی کے جسم سے نمونے حاصل کر لیے گئے ہیں جبکہ ابتدائی معائنے میں جنسی تشدد کے شواہد نہیں ملے۔

بقیہ 36

تاریخ 11 دسمبر 2026ء مقرر کی گئی ہے۔ ڈبل فیس کے ساتھ داخلہ فارم 12 سے 28 دسمبر 2026ء تک جمع کرائے جاسکیں گے جبکہ ٹرپل فیس کے ساتھ داخلہ فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ 11 جنوری 2027ء مقرر کی گئی ہے۔ چیئرمین پنجاب بورڈز نے میٹرک سالانہ امتحانات 2027ء کے شیڈول کی منظوری دے دی ہے۔

بقیہ 37

شہید ہوئے تھے۔ انٹیلی جنس ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز کی جوابی کارروائی میں ہلاک فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں میں سے 1 کی شناخت بطور افغان شہری مکمل ہوگئی جبکہ 4 کی شناخت کا عمل جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق شناخت کیے گئے افغان دہشت گرد کی پرانی تصویر کابل میں افغان طالبان سرغنہ کے پرسنل گارڈ کے طور پر ہوئی، دیگر دہشت گردوں کی تصاویر اور دستیاب معلومات کا تجزیہ کرکے ان کی شناخت کے لیے بھی انٹیلی جنس بنیادوں پر کام جاری ہے۔ گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی کا کہنا ہے کہ صوبے میں ہونے والی غیر قانونی مائننگ کا 80 فیصد حصہ افغانستان جا رہا تھا۔ اختیار ولی خان نے کہا کہ دہشت گرد عناصر غیر قانونی کان کنی میں ملوث افراد سے ماہانہ 7 لاکھ روپے لیتے تھے، دہشت گرد بیرون علاقے سے آنے والے مائنرز سے 11 لاکھ روپے بھتہ وصول کرتے تھے۔ سیکیورٹی تجزیہ نے کہا کہ شواہد سے ثابت ہے گزشتہ کے پی حکومت، فتنہ الخوارج اور افغان طالبان غیر قانونی گولڈ مائننگ میں ملوث رہے ہیں۔

بقیہ 38

شروع کردیا ہے۔ اس صورتحال کے پیش نظر نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے گھروں میں قائم غیر قانونی کال سینٹرز کے خلاف بھی کارروائیوں کا دائرہ وسیع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ حکام کے مطابق اب رہائشی علاقوں میں قائم ایسے مراکز کے خلاف بھی آپریشنز کیے جا رہے ہیں۔ غیر قانونی کال سینٹرز چلانے والوں کو گھروں میں سہولت فراہم کرنے والے والدین بھی قانونی کارروائی کی زد میں آسکتے ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ اگر والدین غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث افراد کو اپنے گھروں میں کال سینٹرز چلانے کی سہولت فراہم کرتے پائے گئے تو ان کے نام بھی مقدمات میں شامل کیے جاسکتے ہیں۔ حکام کے مطابق غیر قانونی سرگرمیوں میں معاونت کرنے والے تمام افراد قانون کے سامنے جواب دہ ہوں گے۔

بقیہ 39

جس کے خلاف اس نے ہائیکورٹ میں اپیل دائر کر رکھی تھی۔ ہائیکورٹ نے قرار دیا کہ چشم دید گواہوں کی موقع پر موجودگی ثابت نہیں ہوسکی۔ عدالت نے گواہوں کے بیانات میں تضاد بھی پایا۔ اس کے ساتھ ٹرائل کورٹ سے تین دیگر ملزمان کی بریت بھی ناصر علی کی بریت کی بنیاد بنی۔

بقیہ 40

بچوں کی تعلیم، فیسیں، کتابیں اور روزمرہ ضروریات اسی آمدن سے پوری ہوتی ہیں۔ اگر یہ ملازمین فارغ ہوگئے تو اپنے بچوں کا پیٹ کیسے پالیں گے اور انہیں تعلیم کیسے دلوائیں گے؟ کیا ان خاندانوں کا مستقبل غیر یقینی صورتحال کے حوالے کر دیا جائے گا؟ متاثرہ ملازمین نے وزیراعظم سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ ان میں متعدد افراد ایسے ہیں جو 40 سال سے زائد عمر کے ہوچکے ہیں، انہوں نے اپنی زندگی کا قیمتی وقت سرکاری اداروں کی خدمت میں گزار دیا ہے۔ اب اگر انہیں ملازمت سے فارغ کر دیا گیا تو وہ نہ صرف بے روزگار ہو جائیں گے بلکہ ان کے لیے اس عمر میں نئی ملازمت حاصل کرنا بھی انتہائی مشکل ہوگا۔

بقیہ 41

تقریباً 15 سال قبل مقتول کے والد محمد رمضان نے اپنے پھوپھزاد نوجوان غلام جیلانی شادو خیل تلوکر کو قتل کیا اور جیل سے رہائی پر مقتول غلام جیلانی تلوکر کے بیٹوں نے باپ کا قاتل محمد رمضان ڈوڈ تلوکر کو قتل کر دیا

بقیہ 42

اجازت ناموں سمیت کاروباری سرگرمیوں سے متعلق مختلف خدمات آن لائن دستیاب ہوں گی۔ اس اقدام سے شہریوں اور سرمایہ کاروں کو سرکاری دفاتر کے بار بار چکر لگانے سے نجات ملے گی جبکہ وقت اور اخراجات کی بھی بچت ہوگی۔ ای بز پنجاب پورٹل کا مقصد کاروباری عمل کو آسان، تیز رفتار اور شفاف بنانا، غیر ضروری دفتری مراحل میں کمی لانا اور پنجاب میں سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنا ہے۔

بقیہ 43

مجھے دوروز میں شفا انٹرنیشنل ہسپتال منتقل کرنے کا حکم دیا تھا، میری طبی جانچ کے لیے ماہر امراض قلب اور ماہر امراض چشم پر مشتمل میڈیکل بورڈ بنانے کا حکم بھی دیا گیا تھا۔ بانی پی ٹی آئی کا خط میں کہنا ہے کہ اڈیالہ جیل میں مجھے روزانہ 22 گھنٹے تک تنہائی میں رکھا جاتا ہے، مجھے اہل خانہ، وکلا، کتابوں اور ٹیلی ویژن سے محروم رکھا گیا، رواں سال مجھے اپنے وکلا سے صرف چار مرتبہ ملاقات کی اجازت دی گئی، بشریٰ بی بی کو بھی رواں سال اپنے وکلا سے صرف ایک مرتبہ ملاقات کی اجازت ملی، میرے بیٹوں کو مجھ سے فون پر بات کرنے کی اجازت نہیں دی جا رہی، عدالت کے واضح احکامات کے باوجود میرے بیٹوں سے ہفتے میں دو مرتبہ فون پر بات نہیں کروائی جارہی۔ خط میں کہا گیا ہے کہ میری ہفتہ وار اہلیہ سے ملاقات بھی جیل انتظامیہ کی جانب سے مسلسل منسوخ کی جا رہی ہے، جیل کے میڈیکل بورڈ نے ذہنی صحت کے لیے اہل خانہ سے زیادہ رابطے، مطالعے اور ٹیلی ویژن کی سفارش کی تھی، جیل انتظامیہ نے میڈیکل بورڈ کی سفارشات پر عملدرآمد نہیں کیا، میری دائیں آنکھ کی 85 فیصد بینائی ختم ہوچکی ہے، فروری 2026 میں میرے وکیل نے ملاقات کے دوران میری دائیں آنکھ کی بینائی میں 85 فیصد کمی کی نشاندہی کی تھی، اپریل 2026 میں بشریٰ بی بی کی آنکھ کا پردہ متاثر ہوا اور ان کی پیچیدہ سرجری کی گئی، بشریٰ بی بی کی بینائی کو مستقل نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے، انہیں فوری دوسری سرجری کی ضرورت ہے۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سالانہ سسٹم مینٹیننس 17 نومبر 2026ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (این ای این) آئیسکو نے معزز صارفین کو ہمیشہ سے بہترین سروسز اور بجلی کی بلاتعطل ترسیل یقینی بنائی ہے۔ آئیسکو کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سالانہ سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس / کنسٹرکشن ورکس کے باعث آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال، جہلم سرکلز اور جی ایس او سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ 17 نومبر 2026 بروز منگل اسلام آباد سرکل: صبح 8 بجے سے دوپہر 2 بجے تک پنڈوریاں فیڈر۔ صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک G-6، بنی گالا، شمس، جی ایٹ، پنڈوریاں، سکیم-1، کھنہ ایسٹ، کروٹائل ہوٹل، جی نائن مرکز، آئی ایٹ ٹو، آئی ٹین ٹو، اولڈ ایکسچینج، اتوار بازار، ایف الیون ٹو، شاہ پور، بنڈی پوائنٹ، نمبل، گھڑیال، انگوری، کرور، فیصل مسجد، ایوب مارکیٹ، ہائی کورٹ ون اینڈ ٹو، سپارکو چوک، ٹی اینڈ ٹی کالونی، پی ٹی سی ایل، جی ایٹ ون، جی ایٹ مرکز، ماروی، جی نائن فور، سروس روڈ ایسٹ، کورال اور یوسی روڈ فیڈرز۔ راولپنڈی سٹی سرکل: صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک ایچ پی ٹی، سید پور روڈ، کمرشل سینٹر، ملک آباد، بی بلاک، شہید محمد دین، نور محمد روڈ، قیوم آباد، نواز کالونی، آفندی کالونی، اقبال روڈ، محمدی چوک، کمیٹی چوک، ڈھوک حکم داد، گلشن آباد، جامع مسجد، جناح روڈ، باغ سرداراں، عسکری الیون، کیانی روڈ، نیوریس کورس، ریڈیو پاکستان-I، نسٹ روڈ، سیہام، رینج روڈ، چاکرہ، بینظیر بھٹو سٹریٹ اور سی ڈی ایل کالونی فیڈرز۔ راولپنڈی کینٹ سرکل: صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک ڈھوک فرمان، کشمیر روڈ، رحمت آباد، سوہان گارڈن-I، ماڈل ٹاؤن، سکیم-III، ایکس لائرز کالونی، لالہ زار، اڈیالہ، مورت، گلشن سعید، آرائے بازار، چہان، جاپان روڈ، لہتراڑ، غزن خان، فضل احمد شہید، دوبیران، کھمٹی، سکھو، رامن، چک بیلی خان-2، میجر محمد حنیف، سپاہی ابرار حسین، نڑ، کے آرایل کالونی اور رحمت آباد-1 فیڈرز۔ اٹک سرکل: صبح 7 بجے سے دوپہر 2 بجے تک ہیکو، برہان، بہتر موڑ، گڑھی افغانہ، پور میانہ، کرنل شیر خان اور احمد نگر فیڈرز۔ صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک شیر شاہ سوری، ایچ ایم سی روڈ، ٹیکسلا، میوزیم، نصیر شہید، واپڈا ٹاؤن، اے ڈبلیو ٹی ویلی، کوہستان انکلیو، باہتر موڑ، پور میانہ، گڑھی افغانہ، شفیع چوہان، دلاور آباد، چھچھ، دریا شریف، حضرو، این اے ایس ٹی پی، جی بی سی-III، نارٹوپہ، اٹک رورل، کچہری، غریب وال، نور پور، جھنگ، بھنڈر، کھوڑ، کامڑیال، سگن، انجراء، ریڈیو پاکستان-2، پنڈ پڑیاں، ملٹی گارڈن، بی سیونٹین، سنگجانی، شاہ اللہ دتہ، پسوال، اے ڈبلیو ٹی-4، کینٹ، سرائے خربوزہ، ویلی، گلشن صحت اور اے ڈبلیو ٹی-1 فیڈرز۔ جہلم سرکل: صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک ایف 5 (جدا)، زبیر شہید، کریالہ، سرائے عالمگیر، ایف ایٹ (سول لائن)، سٹی ہاؤسنگ، دینہ-3 (روہتاس)، ہسوت، کیپٹن نصیر شہید، نتھوالہ، سنگھوئی، صفدر شہید، محمد اکرم، کلیا، چھپر شریف، جھکڑ اور قاضیاں فیڈرز۔ چکوال سرکل: صبح 7 بجے سے دوپہر 2 بجے تک مرید، القائم مل، پی اے ایف، کریالہ اور کے ایس ایم یونٹ-3 فیڈرز۔ صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک کرسال، کلر کہار، خیر پور، سردھی، اسلامیہ چوک، دولتالہ، ڈھڈیال سٹی، سیگل آباد، چکرال، لہڑ سلطان پور، ڈھریالہ جالپ، کٹاس، للہ ٹاؤن، کچہری، جلالپور، ڈی ایس یول، ڈھوک غزن، کالو، جھطلہ، پیرافتحال، تھوہا محرم خان، درروٹ، میال، ونہار، پی اے ایف، استقلال کیمپ اور منارہ فیڈرز۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کے اس عارضی تعطل پر معذرت خواہ ہے۔ ان شٹ ڈاؤن کا خالصتاً مقصد ضلعی انتظامیہ کی جانب سے جاری ترقیاتی پراجیکٹس کی بروقت تکمیل ہے ۔ صارفین کی سہولت کے لیے عارضی بجلی شٹ ڈاؤن شیڈول آئیسکو کی آفیشل ویب سائٹ www.iesco.com.pk / آئیسکو سوشل میڈیا پلیٹ فارمز فیس بک (IESCO Updates)، ٹویٹر / X اکاؤنٹ (IESCO Official Pk) پر بھی اپلوڈ کیے جاتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے صارفین آئیسکو ہیلپ لائن نمبر 118 پر کال کر سکتے ہیں۔

بقیہ 44

لیکن گرفتاری نہیں ہوسکی۔ عدالت نے ملزم امین کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کرتے ہوئے اسے اشتہاری قرار دینے کی کارروائی شروع کرنے کی ہدایت جاری کردی۔ جوڈیشل مجسٹریٹ ساتھ نے کیس کی ساعت 3 دسمبر تک ملتوی کردی۔ آئندہ ساعت پر ملزمان کی درخواست ضمانت کی ساعت ہوگی۔ تنویر پاستا اور دیگر ملزمان عبوری ضمانت پر ہیں۔ واضح رہے کہ سانحہ گل پلازہ میں 72 افراد جاں بحق ہوئے تھے۔

بقیہ 45

کرتا ہوں گے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے 2029 میں پنجاب میں کلین سویپ کے دعوے کو محض خام خیالی قرار دیتے ہوئے کہا کہ چاہے گورننس کتنی ہی اچھی کیوں نہ ہو کوئی بھی سیاسی جماعت پنجاب میں کلین سویپ نہیں کرسکتی، پیپلز پارٹی کی ہمیشہ سے لیول پلینگ فیلڈ کی ڈیمانڈ رہی ہے اور جب انتخابات ہوں گے تو پارٹی پنجاب میں مضبوط ہوکر 2029 میں سرپرائز دے گی، اہم سیاسی شخصیات اور الیکٹیبلز بھی شامل ہوں گے مگر ابھی سفر لمبا ہے۔ ترجمان سندھ حکومت سعدیہ جاوید نے مزید کہا کہ پیپلز پارٹی کا نئے صوبے بنانے کے معاملے پر موقف واضح ہے جبکہ مسلم لیگ (ن) اب تک کھل کر سامنے نہیں آئی۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ نئے صوبے بنے تو موجودہ معاشی بحران، غیر ملکی سرمایہ کاری کی کمی اور وسائل کی کمی جیسے مسائل کے ہوتے ہوئے نئے سیکرٹریٹ، وزرائے اعلیٰ، چیف سیکرٹریز، یونیورسٹیاں اور انفراسٹرکچر کے لیے بجٹ کہاں سے آئے گا؟ انہوں نے ریفرنڈم کے راستے کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ آئین میں صوبے بنانے کا طریقہ پارلیمنٹ کے ذریعے واضح ہے۔ ماضی میں آمریتوں کے دور میں دو متنازعہ ریفرنڈم ہوچکے ہیں اور کوئی بھی ریفرنڈم پارلیمانی منظوری کے بغیر نہیں ہوسکتا۔ انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ محسن نقوی کے بیانات ان کی ذاتی رائے ہیں، کیونکہ ان کے صدر آصف علی زرداری سے قریبی تعلقات ہیں۔ فریال تالپور کے پنجاب دورے کے بارے میں سعدیہ جاوید نے بتایا کہ یہ دورہ پیپلز پارٹی کی تنظیم نو، خواتین ونگ کی مضبوطی اور کارکنوں سے رابطوں کے لیے ہے۔

بقیہ 46

حنیف رامے کی یہ کامیابی صرف ایک شخص کی کامیابی نہیں بلکہ ملک بھر کے محنت کشوں، مزدور تنظیموں اور مزدور تحریک کی اجتماعی کامیابی ہے۔ انھوں نے کہا کہ حنیف رامے نے ہمیشہ مزدوروں کے حقوق، ان کی عزت نفس، روزگار کے تحفظ، مناسب اجرت، سماجی تحفظ اور انسانی حقوق کے لیے بے لوث جدوجہد کی ہے اور آج ان کی اس طویل جدوجہد کو بھرپور پذیرائی ملی ہے۔

بقیہ 47

کانسٹیبل کے اغوا، پولیس پر فائرنگ و قاتلانہ حملہ، بھتہ خوری سمیت درجنوں مقدمات میں سرگودھا اور منڈی بہاؤالدین پولیس کو مطلوب گینگ کے گاڈی سوار مجرم اشتہاری شہزاد نعر المعروف انعام وینس عرف ناموا اپنے ساتھی فیصل بڈھیکا سمیت ہلاک ہوگئے اور دیگر سات ساتھی وقاص وغیرہ فرار ہوگئے اس خطرناک گینگ کے اب تک 13 ملزمان ہلاک اور کئی گرفتار ہو چکے جو مجموعی طور پر 42 سے زائد سنگین مقدمات میں مطلوب تھے۔

بقیہ 48

5 نومبر کے آئینی عدالت کے حکم سے پشاور ہائیکورٹ کی کارروائی متاثر ہوئی ہے اور وکلاء کی پریکٹس بھی رک گئی ہے ۔ آئینی عدالت نے ریمارکس دیے کہ عدالت حکم امتناع گورنر راج اور ایم پی اوسے متعلقہ معاملات پر تھا، پشاور ہائیکورٹ دیگر آرٹیکل 199 کے مقدمات سن سکتی ہے ۔ جسٹس عامر فاروق نے ریمارکس دیے کہ آرٹیکل 245 کی آسان ریڈنگ کے مطابق تو آرٹیکل 199 کے مقدمات نہیں سنے جا سکتے ، اگر آرٹیکل 245 کی پلین ریڈنگ پر جائے تو سارا عدالتی سسٹم جام ہوجائے۔ عدالت نے پشاور بار کونسل کو فریق بننے کی اجازت دے دی۔ بیرسٹر گوہر نے استدعا دی کہ ہمیں تھری ایم پی او تحت بھی ریلیف دیں، ابھی تک خیبر پختونخوا میں ریویو بورڈ نہیں بنا، ایڈووکیٹ جنرل خیبر پختونخوا نے بتایا کہ ریویو بورڈ تین ماہ بعد بنے گا۔ جسٹس امین الدین خان نے بیرسٹر گوہر سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے متفرق درخواستیں پشاور رجسٹری میں دائر کیں، ہمارے پاس آجائیں گی تو دیکھ لیں گے۔ وفاقی آئینی عدالت نے کیس کی ساعت غیر معینہ مدت تک کیلئے ملتوی کر دی۔

بقیہ 49

کرنے کا پابند بنانے کا مطالبہ کیا ہے۔ خط کی نقل آئی جی پنجاب اور وزیراعلیٰ سیکریٹریٹ کو بھی ارسال کردی گئی ہے۔ وکلا کا کہنا ہے کہ سنگین مقدمات میں تاخیر سے چالان پیش کرنا معمول بن چکا ہے۔ دوسری جانب حنا جاوید قتل کیس کی تفتیش میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔

بقیہ 50

بیرسٹر ضمیر گھمرو نے بھی ملاقات کی، جس میں قانون سازی سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق سندھ کے سینئر سیاست دان قائم علی شاہ نے بھی بلاول بھٹو سے ملاقات کی، اس موقع پر سید اسد علی شاہ اور ڈاکٹر محمد مسنون شاہ بھی موجود تھے۔ ملاقات میں سندھ کی سیاسی صورت حال سے متعلق تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 51

کرنے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ وثقافت اورنگزیب خان کھچی مکالمے کی افتتاحی تقریب سے خصوصی خطاب کریں گے، جبکہ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار 18 نومبر کو کلیدی خطاب کریں گے۔

بقیہ 52

تجزیہ ہیں۔ انہوں نے پیپلز پارٹی کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اگر اسے اپنی کارکردگی پر اعتماد ہے تو ملک میں دس صوبے بھی بن جائیں تو اسے کوئی فرق نہیں پڑنا چاہیے، پیپلز پارٹی کو معلوم ہے کہ اس نے کچھ نہیں کیا، اسے حالات کی نزاکت کو سمجھنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کو ریاستی امور میں غیر مشروط طور پر شامل ہوجانا چاہیے، لگتا ہے کہ پاکستان اور عوام کی سوچ تبدیل ہورہی ہے۔ مصطفیٰ کمال نے کراچی کے مسائل کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ دنیا چاند پر جارہی ہے جبکہ کراچی میں بچے گٹروں میں گر کر مر رہے ہیں۔

بقیہ 53

سے ملاقات کی۔ نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ملاقات کی۔ اسحاق ڈار نے تاجکستان کے وزیر خارجہ سراج الدین مہر الدین سے بھی تبادلہ خیال کیا، جبکہ ای سی او کے سیکریٹری جنرل ڈاکٹر اسد مجید خان سے بھی ملاقات کی جس میں مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 54

نئے طیارے کے اضافے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ اس اقدام سے ملکی اور بین الاقوامی فضائی رابطوں کو مزید تقویت ملے گی۔ محسن نقوی نے اس نمایاں کامیابی پر وزیر دفاع خواجہ آصف، سیکرٹری دفاع، سول ایوی ایشن اتھارٹی اور فلائی جناح کی پوری انتظامیہ اور ٹیم کو خصوصی مبارکباد پیش کی۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ پاکستان کا ایوی ایشن سیکٹر آگے بڑھ رہا ہے اور ہمیں پی آئی اے کی انتظامیہ سے بھی مزید اچھی خبروں کی توقع ہے۔

بقیہ 55

نے بیش بہا قربانیاں دی ہیں اور ابھی یہ جنگ پورے زور وشور سے جاری ہے، آئے روز سکیورٹی اداروں کے جوان ، افسران اور عوام شہادتوں کے نذرانے پیش کررہے ہیں۔ مولانا فضل الرحمٰن، ان کا خاندان ، جماعت اور اکابر علماء ٹی ٹی پی کے نشانے پر ہیں، جے یو آئی (ف) کے متعدد اکابر علماء خودکش حملوں میں شہادت کا رتبہ حاصل کرچکے ہیں خود مولانا فضل الرحمٰن پر کئی خودکش حملے ہو چکے ہیں۔ دیوبندی مکتب فکر کی سب سے بڑی جماعت ہونے کے ناطے جمعیت العلمائے اسلام (ف) کو ٹی ٹی پی پاکستان میں اپنے راستے کی سب سے بڑی نظریاتی و سیاسی رکاوٹ سمجھتی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ بیرونی سرپرستی اور سرمائے سے ریاست کے خلاف مسلح جدوجہد میں مصروف گروپس ٹی ٹی پی ہوں یا بی ایل اے یا کوئی اور پاکستان کے آئین اور پرچم کو ماننے والی تمام نمائندہ قوتیں داخلی سیاسی اختلافات کے باوجود ریاست کے ساتھ کھڑی رہنی چاہئیں اور مقتدرہ سے ان کا جھگڑا ختم ہونا چاہیے۔

بقیہ 56

مجموعی وزن کی بنیاد پر 115 کلوگرام افیون کامیابی سے برآمد کرلی، برآمد شدہ منشیات کو مقررہ قانونی طریقہ کار کے مطابق محفوظ تحویل کے لیے اسٹیٹ ویئر ہاؤس، کوئٹہ میں جمع کرا دیا گیا۔ یہ کامیاب کارروائی منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف پاکستان کسٹمز کی مسلسل نگرانی، پیشہ ورانہ صلاحیت اور مؤثر انسداد اسمگلنگ اقدامات کا مظہر ہے۔

سائبر فراڈ میں ملوث 130 ملزمان گرفتار

حراست میں لیے گئے افراد میں چینی باشندے اور خواتین بھی شامل ہیں، ایڈیشنل ڈائریکٹر عاطف میر

27 ڈیجیٹل ڈیوائسز برآمد، مختلف مقدمات میں متاثرین کو 3 کروڑ ایک لاکھ 79 ہزار 122 روپے واپس دلوائے گئے

لاہور (این این آئی) ڈیجیٹل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی لاہور نے بین الاقوامی سائبر فراڈ نیٹ ورکس کیخلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 9 خواتین سمیت 130 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ایڈیشنل ڈائریکٹر عاطف امیر نے لاہور میں میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ملزمان کے قبضے سے 276 ڈیجیٹل ڈیوائسز برآمد، مختلف مقدمات میں متاثرین کو 3 کروڑ ایک لاکھ 79 ہزار 122 روپے واپس دلوائے گئے۔چینی اور نائجیریا باشندوں سے منسلک آن لائن سرمایہ کاری فراڈ نیٹ ورکس کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران (بقیہ نمبر 28)

ڈیوٹی کے ساتھ مقابلے کا امتحان پاس کرنا قابلِ ستائش ہے

سابقہ محکموں کا تجربہ نئی سروس میں معاون ثابت ہوگا، ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب

لاہور (این این آئی) ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب افتخار علی سہو نے منسٹریل کوٹے پر منتخب ہونے والے 21 پی ایم ایس افسران سے ملاقات کی اور انہیں کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔اس موقع پر ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ مختلف محکموں اور اضلاع سے تعلق رکھنے والے افسران کی کامیابی (بقیہ نمبر 29)



کراچی: پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے سندھ کے سابق وزیراعلیٰ سید قائم علی شاہ کی رہائش گاہ پر ان کی عیادت کی اس موقع پر لیا گیا

چینی کی فوری برآمد اور سیکٹر کی ڈی ریگولیشن کا مطالبہ

ملیں چلانے کے نوٹیفکیشن پر 15 روز کی مہلت دی جائے، عاصم غنی عثمان

لاہور (این این آئی) پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن نے حکومت سے چینی کی فوری ایکسپورٹ کرنے، ملک میں شوگر سیکٹر کی مکمل ڈی ریگولیشن اور شوگر ملیں چلانے کے نوٹیفکیشن کو 15 دن کے لئے واپس لئے جانے کا مطالبہ کیا ہے۔ان خیالات کا اظہار (بقیہ نمبر 32)

نوٹس کے ذریعے دھمکانے کی کوششیں مجھے خاموش نہیں کرسکتیں

پنجاب بدستور شدید بدانتظامی اور بدعنوانی کی دلدل میں پھنسا ہوا ہے، چوہدری سالک

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے کہا ہے کہ قانونی نوٹس کے ذریعے دھمکانے کی کوششیں مجھے خاموش نہیں کرسکتیں۔انہوں نے کہا کہ ایسی کوششیں عوامی مفاد اور عوام کی فلاح و بہبود کے مسائل پر آواز اٹھانے سے نہیں (بقیہ نمبر 33)



پیپلز پارٹی شعبہ خواتین کی مرکزی صدر فریال تالپور، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کے ہمراہ گورنر ہاؤس لاہور میں پیپلز پارٹی لاہور کے ورکرز کنونشن سے خطاب کر رہی ہیں

ای سی او اجلاس ختم مگر اسلام آباد میں میڈیا سہولت کاری کی ایک نئی مثال قائم ہوگئی

عالمی سطح کے اجلاس کے لیے جدید میڈیا فسیلیٹیشن سینٹر کا قیام

وزارتِ اطلاعات کی بہترین منصوبہ بندی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا عملی مظاہرہ

پوڈ کاسٹ، 360 ڈگری اسٹوڈیوز اور تیز رفتار انٹرنیٹ، ملکی و غیر ملکی صحافیوں کے لیے بہترین انتظامات

وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ کی قیادت میں میڈیا سہولت کاری کا شاندار مظاہرہ

پرنسپل انفارمیشن آفیسر، پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ، رئیسہ عادل اور انکی ٹیم کی محنت نمایاں رہی

دن رات میڈیا نمائندوں کے لیے کھانے و ریفریشمنٹ کا انتظام، صحافیوں کہ ہر سہولت فراہم کی گئی

بین الاقوامی ایونٹس میں پاکستان کا مثبت تشخص اجاگر، ای سی او اجلاس کا میڈیا سینٹر قابلِ تقلید مثال بن گیا

پاکستان میں بڑے بین الاقوامی اجلاسوں اور کانفرنسوں کا انعقاد یقیناً سفارتی اہمیت رکھتا ہے، لیکن ایسے مواقع پر ایک بڑا امتحان ان انتظامات کا بھی ہوتا ہے جو ملکی اور غیر ملکی صحافیوں کو پیشہ ورانہ فرائض کی ادائیگی کے لیے فراہم کیے جاتے ہیں۔اسلام آباد میں 15 اور 16 نومبر کو منعقد ہونے والا 30 واں ای سی او وزارتی اجلاس اختتام پذیر ہو چکا ہے، تاہم اس موقع پر پاک چین فرینڈشپ سینٹر میں قائم کیا جانے والا جدید میڈیا فسیلیٹیشن سینٹر اپنی بہترین سہولت کاری کے باعث خصوصی توجہ کا مستحق ہے۔کسی بھی بین الاقوامی اجلاس کی کامیابی صرف مہمانوں کی آمد، اجلاسوں کے انعقاد یا سفارتی ملاقاتوں تک محدود نہیں ہوتی، بلکہ اس کا ایک اہم پہلو یہ بھی ہے کہ دنیا بھر سے آنے والے صحافیوں کو کس حد تک سازگار ماحول، جدید ٹیکنالوجی اور ضروری سہولیات فراہم کی جاتی ہیں تاکہ وہ بروقت اور مؤثر انداز میں اپنے اداروں تک خبریں اور معلومات پہنچا سکیں۔اس حوالے سے وزارت اطلاعات ونشریات نے جس منصوبہ بندی اور انتظامی صلاحیت کا مظاہرہ کیا، وہ قابلِ تحسین ہے۔پاک چین فرینڈشپ سینٹر میں قائم میڈیا فسیلیٹیشن سینٹر میں ملکی اور بین الاقوامی میڈیا کے نمائندوں کے لیے جدید ورکنگ ڈیسک، تیز رفتار انٹرنیٹ، پوڈ کاسٹ ریکارڈنگ کی سہولت، جدید ڈیجیٹل اسٹوڈیوز، 360 ڈگری ویڈیو پروڈکشن کے انتظامات اور براہ راست میڈیا کوریج کے لیے ضروری تکنیکی سہولیات فراہم کی گئیں۔ صحافیوں کو کام کے دوران کسی قسم کی دشواری سے بچانے کے لیے بیٹھنے، ریکارڈنگ، نیوز فائلنگ اور مختلف میڈیا سرگرمیوں کے لیے الگ الگ انتظامات کیے گئے۔صرف پیشہ ورانہ سہولیات ہی نہیں بلکہ صحافیوں کی بنیادی ضروریات کا بھی بھرپور خیال رکھا گیا۔دن اور رات کے اوقات میں کام کرنے والے میڈیا نمائندوں کے لیے کھانے، رات کے کھانے، چائے، ریفریشمنٹ اور دیگر ضروری سہولیات کا مناسب انتظام کیا گیا۔یہ وہ پہلو ہیں جو بظاہر معمولی دکھائی دیتے ہیں، لیکن بڑے بین الاقوامی ایونٹس میں مسلسل کام کرنے والے صحافیوں کے لیے انتہائی اہمیت رکھتے ہیں۔اس پورے انتظامی عمل کا کریڈٹ وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ کی قیادت کو جاتا ہے، جن کی رہنمائی میں وزارت اطلاعات نے میڈیا سہولت کاری کو محض ایک رسمی ذمہ داری سمجھنے کے بجائے ایک باقاعدہ پیشہ ورانہ منصوبے کے طور پر مکمل کیا۔ان کی قیادت میں یہ امر یقینی بنایا گیا کہ پاکستان آنے والے ملکی و غیر ملکی صحافیوں کو ایسا ماحول میسر ہو جہاں وہ جدید تقاضوں کے مطابق اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں ادا کر سکیں۔تاہم کسی بھی ادارے کی پالیسی اور قیادت کے وژن کو عملی شکل دینے میں انتظامی ٹیم کا کردار بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔اس حوالے سے پرنسپل انفارمیشن آفیسر رئیسہ عادل اور ان کی ٹیم کی محنت اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔میڈیا فسیلیٹیشن سینٹر کے انتظامات، سہولیات کی فراہمی، مختلف شعبوں کے درمیان رابطہ کاری اور صحافیوں کی ضروریات کا خیال رکھنے میں پی آئی ڈی کی ٹیم نے بھرپور کردار ادا کیا۔ بالخصوص ایسے موقع پر جب ملکی اور غیر ملکی میڈیا نمائندوں کی بڑی تعداد ایک ہی مقام پر موجود ہو، ان کے لیے مسلسل سہولت کاری، تکنیکی معاونت اور انتظامی امور کو منظم رکھنا آسان کام نہیں ہوتا۔اس کے لیے پیشگی منصوبہ بندی، ذمہ داریوں کی واضح تقسیم، ٹیم ورک اور ہر وقت متحرک رہنے کی ضرورت ہوتی ہے۔رئیسہ عادل اور ان کے ساتھیوں نے ان ذمہ داریوں کو جس انداز میں نبھایا، وہ سرکاری اداروں میں پیشہ ورانہ ٹیم ورک کی ایک اچھی مثال ہے۔یہ حقیقت بھی اہم ہے کہ آج کے دور میں میڈیا کوریج صرف کیمرے اور مائیکروفون تک محدود نہیں رہی۔ تیز رفتار انٹرنیٹ، ڈیجیٹل پروڈکشن، پوڈ کاسٹ، جدید اسٹوڈیوز اور فوری خبر رسانی کسی بھی بین الاقوامی ایونٹ کی میڈیا حکمت عملی کے بنیادی اجزا بن چکے ہیں۔ایسے میں پاکستان میں منعقد ہونے والے ای سی او اجلاس کے لیے ان سہولیات کی فراہمی اس بات کا اظہار ہے کہ وزارتِ اطلاعات جدید صحافت کے تقاضوں کو سمجھتے ہوئے اپنی استعداد کار بہتر بنانے کی جانب توجہ دے رہی ہے۔یہاں ایک اہم سوال بھی پیدا ہوتا ہے کہ کیا اس نوعیت کی بہترین سہولت کاری صرف بڑے بین الاقوامی اجلاسوں تک محدود رہنی چاہیے؟ یقیناً نہیں۔پاکستان میں قومی سطح کی اہم تقریبات، سرکاری کانفرنسوں اور دیگر بڑے ایونٹس کے لیے بھی اسی طرز کے میڈیا سہولت کاری نظام کو فروغ دینے کی ضرورت ہے تاکہ صحافیوں کو بہتر ماحول میسر آئے اور سرکاری اداروں اور میڈیا کے درمیان رابطے مزید مؤثر ہوں۔ای سی او اجلاس اب اختتام پذیر ہو چکا ہے، غیر ملکی وفود اور میڈیا نمائندے اپنی ذمہ داریاں ادا کر کے واپس جا رہے ہیں، لیکن اس موقع پر قائم کیا گیا میڈیا فسیلیٹیشن سینٹر ایک مثبت انتظامی مثال کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔ یہ صرف ایک عمارت میں چند سہولیات فراہم کرنے کا معاملہ نہیں تھا بلکہ یہ ایک ایسا عملی انتظام تھا جس نے ملکی اور بین الاقوامی صحافیوں کو یہ احساس دلایا کہ ان کے پیشہ ورانہ کام اور ضروریات کو اہمیت دی جا رہی ہے۔آخر میں یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ بڑے بین الاقوامی ایونٹس میں پاکستان کا مثبت تشخص صرف سفارتی کامیابیوں سے نہیں بلکہ ان انتظامات سے بھی اجاگر ہوتا ہے جو دنیا بھر سے آنے والے مہمانوں، صحافیوں اور میڈیا نمائندوں کے لیے کیے جاتے ہیں۔عطاء اللہ تارڑ کی قیادت، رئیسہ عادل اور پی آئی ڈی کی ٹیم کی محنت نے ای سی او اجلاس کے موقع پر میڈیا سہولت کاری کا ایک قابلِ تقلید نمونہ پیش کیا۔ضرورت اس امر کی ہے کہ اس تجربے کو آئندہ بھی برقرار رکھا جائے اور سرکاری سطح پر میڈیا سہولت کاری کے معیار کو مزید بہتر بنایا جائے۔

ٹو دی پوائنٹ



محمد فیصل ندیم

faisalnadeemjournalist@gmail.com



لاہور: چیئرمین پنجاب پبلک سروس کمیشن لیفٹیننٹ جنرل (ر) محمد عبدالعزیز نئے تعینات ہونے والے ممبر کیپٹن (ر) سعید احمد نواز عہدے کا حلف لے رہے ہیں

وزیراعلیٰ کا کاروباری طبقے کی سہولت کیلئے انقلابی قدم

حکومت پنجاب نے eBiz Punjab ای بز پنجاب پورٹل متعارف کروادیا

ساہیوال (آئی آئی پی) وزیراعلیٰ پنجاب کا کاروباری طبقے کی سہولت کے لیے انقلابی قدم، حکومت پنجاب نے eBiz Punjab ای بز پنجاب پورٹل متعارف کروادیا۔اس ڈیجیٹل پلیٹ فارم کے ذریعے ساہیوال ڈویژن میں کاروبار سے متعلق مختلف اجازت نامے اور منظوریوں کے لیے گھر بیٹھے آن لائن درخواست دی جاسکتی ہے۔پورٹل کے ذریعے اراضی کے استعمال میں تبدیلی، عمارتوں کے نقشوں کی منظوری اور تعمیراتی (بقیہ نمبر 42)

مجھے برین ہیمرج اور دل کے دورے کا خطرہ ہے

زندہ رہوں گا تو بے گناہی ثابت کروں گا: بانی پی ٹی آئی کا خط

اسلام آباد (آئی آئی پی) بانی پی ٹی آئی عمران خان نے اڈیالہ جیل سے چیف جسٹس صاحبان کے نام خط لکھ دیئے، بانی پی ٹی آئی نے اڈیالہ جیل سے چیف جسٹس آف پاکستان، چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت اور چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ کے نام خط تحریر کئے ہیں، بانی پی ٹی آئی نے خط میں اپنی اور بشریٰ بی بی کی طبی حالت پر فوری توجہ دینے کی اپیل کردی۔ بانی پی ٹی آئی نے کہا ہے کہ میری زندگی اور صحت کو شدید خطرات لاحق ہیں، سپریم کورٹ کے 18 اگست 2026 کے حکم پر تاحال عملدرآمد نہیں ہوا، سپریم کورٹ نے (بقیہ نمبر 43)



لاہور: خاتون محتسب پنجاب ڈاکٹر نجمہ افضل خان پنجاب محتسب برائے انسداد ہراسانی کے تعاون سے سیف ورک پلیسز پراجیکٹ کی اختتامی تقریب میں شرکاء سے خطاب کر رہی ہیں

معروف فاسٹ فوڈ آؤٹ لیٹ اور واٹر پلانٹ بند

2 من سے زائد ناقص، مضر صحت اشیائے خورونوش تلف

20 فوڈ پوائنٹس کو 5 لاکھ 76 ہزار روپے جرمانے عائد

لاہور (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیموں نے شہر بھر میں کارروائیاں کرتے ہوئے 2 فوڈ پوائنٹس اور یونٹس کی چیکنگ کی۔ ترجمان فوڈ اتھارٹی کے مطابق ناقص انتظامات پر 2 یونٹس بند جبکہ 20 فوڈ پوائنٹس کو مجموعی طور پر 5 لاکھ 76 ہزار روپے جرمانے عائد کر دیئے، کارروائیوں کے دوران 2 من سے زائد ناقص اور مضر صحت اشیائے خورونوش تلف کر دی گئیں، جوہر ٹاؤن میں معروف فاسٹ فوڈ آؤٹ لیٹ کو ناقص انتظامات کے باعث بند کیا گیا جبکہ علامہ اقبال ٹاؤن میں پانی کے نمونے فیل ہونے پر واٹر پلانٹ کی پروڈکشن روک دی گئی۔ترجمان کے مطابق مختلف فوڈ یونٹس میں صفائی کے ناقص انتظامات اور حشرات کی بھرمار پائی گئی، اس کے علاوہ ملازمین کے میڈیکل اور ٹریننگ سرٹیفکیٹس سمیت ضروری ریکارڈ بھی موجود نہیں تھا۔

سانحہ گل پلازہ کیس، ملزم امین کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری

عدالت کی ملزم کو اشتہاری قرار دینے کیلئے کارروائی شروع کرنے کی ہدایت

کراچی (اے ایف پی) سانحہ گل پلازہ کیس میں عدالت نے ملزم امین کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کرتے ہوئے اسے اشتہاری قرار دینے کی کارروائی شروع کرنے کی ہدایت کردی۔سٹی کورٹ میں کیس کی سماعت کے دوران ملزمان تنویر پاستا، رمضان، حذیفہ اور دیگر ملزمان عدالت میں پیش ہوئے، جہاں پولیس نے ملزم امین کی رپورٹ جمع کرادی۔ تفتیشی افسر نے عدالت کو بتایا کہ ملزم کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے، (بقیہ نمبر 44)



لاہور: سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود، وزیر آباد انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے دورے پر مریضوں کی عیادت کر رہے ہیں

جلد بڑی شخصیات اور الیکٹیبلز پیپلز پارٹی میں شامل ہوں گے

آئندہ انتخابات میں پارٹی پنجاب میں مضبوط ہو کر 2029 میں سرپرائز دیگی، سعد جاوید

لاہور (این این آئی) سندھ حکومت کی ترجمان سعدیہ جاوید نے دعویٰ کیا ہے کہ بہت جلد پنجاب سے کچھ بڑے سیاسی لوگ اور الیکٹیبلز پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کرنے والے ہیں، کوئی بھی جماعت پنجاب میں کلین سویپ نہیں کر سکتی، چوہدری سالک حسین یا کسی بھی شخص نے اگر پنجاب میں کرپشن کا دعویٰ کیا ہے تو اسے ثابت کرنا اور ثبوت پیش (بقیہ نمبر 45)



لاہور محتسب کش خاتون ریڑھی پر اخروٹ فروخت کر رہی ہے

محمد حنیف رامے کی کامیابی صرف ایک شخص کی کامیابی نہیں

ملک بھر کے محنت کشوں، مزدور تنظیموں کی ہے، چوہدری یاسین

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ورکرز فیڈریشن کے سرپرست اعلیٰ چوہدری محمد یٰسین، جنرل سیکرٹری اسد محمود، صدر شوکت علی انجم، چیئرمین چوہدری عبدالرحمان عاصی، سید عطاء اللہ شاہ، حاجی انور کمال خان، محمد سلمان بھٹی، محبوب اللہ ودیگر قائدین نے ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کے حالیہ الیکشن میں ممتاز لیبر لیڈر اور مزدور تحریک کے سرگرم ساتھی محمد حنیف رامے کو بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کرنے اور مرکزی وائس چیئرمین منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔اس موقع پر قائدین نے کہا کہ محمد (بقیہ نمبر 46)

سرگودھا میں پولیس مقابلہ، مقتولین کی لاشیں ورثاء کے سپرد

فرار ہونے والے ساتھیوں کے خلاف سنگین دفعات کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا پولیس مقابلہ میں ہلاک ویگو ڈالا سوار دو اشتہاری ملزمان کے قبضہ سے 4 ہینڈ گرنیڈ، راکٹ لانچرز، دو تھرمل سکوپ، ڈرون کیمرہ، جدید اسلحہ اور ڈالا برآمد کر کے فرار ہونے والے ساتھیوں کے خلاف سنگین دفعات کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا اور مقتولین کی نعشیں پوسٹمارٹم کے بعد ورثا کے سپرد کر دی گئیں۔زرائع کے مطابق سرگودھا کے قصبہ کوٹ مومن کے چک 12 جنوبی کے قریب مبینہ پولیس مقابلہ میں پولیس (بقیہ نمبر 47)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035



پشاور: چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا ڈاکٹر محمد فخر عالم عفان انسداد پولیو اقدامات کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حنا جاوید قتل کیس، 88 روز بعد بھی چالان پیش نہ ہونے پر پراسیکیوشن برہم

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں ڈیجیٹل ڈیزائنر حنا جاوید کے قتل کیس میں 88 روز گزرنے کے باوجود چالان پیش نہ کیے جانے پر ڈسٹرکٹ پراسیکیوشن برانچ نے سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے سٹی پولیس آفیسر کو خط لکھ دیا۔پراسیکیوشن برانچ کے مطابق پولیس 14 روز میں چالان پیش کرنے کی پابند ہے تاہم تاحال مقدمے کا چالان جمع نہیں کرایا گیا۔پراسیکیوشن برانچ نے تفتیشی ٹیم اور ایس ایچ او کو فوری طور پر چالان پیش (بقیہ نمبر 49)

گندھارا اسٹرینجک ڈائیلاگ 2026 کا آغاز آج ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) چار روزہ گندھارا اسٹرینجک ڈائیلاگ 2026 کا آغاز (آج) منگل 17 نومبر کو اسلام آباد میں ہوگا۔''مشترکہ مستقبل کی جانب'' کے موضوع کے تحت منعقد ہونے والے اس بین الاقوامی مکالمے میں مختلف ممالک سے بدھ مت کے مذہبی رہنما، بین الاقوامی مندوبین، ماہرین اور دیگر متعلقہ شخصیات شرکت کریں گی، جہاں پاکستان کے عظیم گندھارا ورثے کے تحفظ، فروغ اور عالمی سطح پر اس کی شناخت اجاگر (بقیہ نمبر 51)

بلاول سے پیپلز پارٹی کے مختلف رہنماؤں کی ملاقاتیں

ملاقات میں سندھ کی سیاسی صورت حال سے متعلق تبادلہ خیال کیا گیا

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے مختلف رہنماؤں نے بلاول ہاس میں ملاقاتیں کیں۔ترجمان بلاول ہاؤس کے مطابق وزیر مذہبی امور و اوقاف ریاض حسین شاہ شیرازی نے بلاول بھٹو سے ملاقات کی اور انہیں سجاول کے عوام کے مسائل اور ان کے حل سے متعلق بریفنگ دی۔بلاول بھٹو زرداری سے سینیٹر (بقیہ نمبر 50)

سرسوں کی کاشت 23 لاکھ ہیکٹر سے زائد رقبے تک پھیل گئی

60 ہزار پاکستانی زرعی خاندانوں کی سالانہ آمدنی میں اوسطاً 800 ڈالر اضافہ

بیجنگ (این این آئی) چین کی جانب سے پاکستان میں ہائبرڈ سرسوں کی کاشت کے فروغ کے لیے شروع کیا گیا تعاون کا منصوبہ عالمی سطح پر غربت میں کمی کے بہترین عملی اقدامات سے متعلق ساتویں مرحلے کے مقابلے میں نمایاں کامیابی حاصل کرتے ہوئے تجویز کردہ منصوبوں میں شامل کر لیا گیا ہے۔ یہ منصوبہ پاکستان میں خوردنی تیل کی درآمدات کم کرنے، غذائی تحفظ کو مضبوط بنانے اور کسانوں کی آمدنی میں اضافے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔

نئے صوبے سیاسی جماعتوں کی خواہش نہیں ملک کی ضرورت ہیں، مصطفیٰ کمال

اگر عوام کوئی بات کردیں تو وہی سپریم ہوتی ہے، آج کی جانے والی باتیں محض تجزیہ ہیں، وفاقی وزیر صحت

ریاستی امور چلانے والوں کو بھی احساس ہو چکا ہے کہ موجودہ نظام بہتر نتائج دینے میں ناکام ہے، میڈیا سے گفتگو



لاہور: صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین پاکستان صنعتی نمائش 2026ء کی اختتامی تقریب کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ 18 ویں آئینی ترمیم نے ملک کو تباہ و برباد کر دیا، نئے صوبوں کا قیام کسی سیاسی جماعت کی خواہش نہیں بلکہ ملک کی ضرورت ہے۔میڈیا سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ ریاستی امور چلانے والوں کو بھی احساس ہو چکا ہے کہ موجودہ نظام بہتر نتائج دینے میں ناکام ہے، میرا خیال ہے کہ ملک میں نئے صوبے بنیں گے۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ اگر عوام کوئی بات کر دیں تو وہی سپریم ہوتی ہے، آج کی جانے والی باتیں محض (بقیہ نمبر 52)

ٹریفک حادثے میں بچ جانیوالا شہری نالہ لئی میں گر کر جاں بحق

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے مری روڈ پر ٹریفک حادثے میں بچ جانے والا شہری نالہ لئی میں گر کر جاں بحق ہوگیا۔ریسکیو حکام کے مطابق بزرگ شہری کو مری روڈ مریڑ چوک کے قریب حادثہ پیش آیا۔حادثے کے بعد شہریوں نے بزرگ شخص کو اٹھا کر سڑک کنارے بٹھا دیا۔حکام نے بتایا کہ بزرگ شہری اچانک پل کے کنارے سے نالہ لئی میں جا گرا، ریسکیو ٹیموں کے پہنچنے سے پہلے نالہ لئی میں گرنے والا شہری دم توڑ گیا۔

5 ماہ کی حاملہ خاتون کے قتل کا ڈراپ سین، 2 بیٹیوں کی ماں کا قاتل سسر نکلا

لاہور (این این آئی) فیکٹری ایریا کے علاقے میں 32 سالہ شازیہ کے اندھے قتل کا چند گھنٹوں میں ڈراپ سین ہوگیا، مقتولہ 5 ماہ کی حاملہ اور 2 بیٹیوں کی ماں تھی۔ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سید ذیشان رضا نے خاتون کے اندھے قتل کی واردات کا نوٹس لیا جس کے بعد ایس پی انویسٹی گیشن کینٹ عاصم افتخار کمبوہ کی سربراہی میں انچارج انویسٹی گیشن فیکٹری ایریا ظفر اقبال نے تفتیش کا آغاز کیا۔تحقیقات کے دوران مقتولہ کے سسر کو شامل تفتیش کیا گیا تو اس نے اپنی بہو کو قتل کرنے کا اعتراف کرلیا۔

اسحاق ڈار کی ایرانی، تاجکستانی وزرائے خارجہ سے ملاقات

تاجکستان کے وزیر خارجہ سراج الدین مہرالدین سے بھی تبادلہ خیال کیا

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے اسلام آباد میں اقتصادی تعاون تنظیم (ای سی او) کی وزرائے خارجہ کونسل کے 30 ویں اجلاس کے موقع پر رکن ممالک کے وزرائے خارجہ اور وفود کے سربراہان اور ای سی او کے سیکریٹری جنرل (بقیہ نمبر 53)

پاکستان کا ایوی ایشن سیکٹر آگے بڑھ رہا ہے، وزیر داخلہ

فلائی جناح کے فضائی بیڑے میں 11 ویں طیارے کی شمولیت پر مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے فلائی جناح کے فضائی بیڑے میں 11 ویں طیارے کی شمولیت کو پاکستان کے ایوی ایشن سیکٹر کیلئے باعث فخر اور فلائی جناح کے بیڑے میں ہوابازی کی صنعت کے لیے ایک اہم سنگ میل قرار دیا ہے۔سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری پیغام میں وزیر داخلہ محسن نقوی نے فلائی جناح کے بیڑے میں (بقیہ نمبر 54)



پشاور: گورنر خیبر پختونخوا کے مشیر برائے ثقافت، سیاحت، کھیل و امور نوجوانان ڈاکٹر سرفراز علی شاہ کو ریڈیو پاکستان پشاور مرکز کے دورے کے موقع پر بریفنگ دی جا رہی ہے

سیاسی و مذہبی جماعتوں کیساتھ مقتدرہ کے تعلقات نامکمل ہونے میں ہی ریاست، سعد رفیق کا مفاد ہے

مقتدرہ کی اتحادی حکومتی جماعتوں کو خاموش رہنے یا ہچکچاہٹ کی بجائے اس ضمن میں پل کا کردار ادا کرنا چاہیے

پاکستان کا بھلا کرنا مقصود ہے تو سیاسی پارہ نیچے لایا جائے، ایکدوسرے کیلئے آسانیاں پیدا کی جائیں، بات چیت سے راستے نکالے جائیں

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ مقتدرہ، حکومت اور جے یو آئی (ف) کے بیچ تنازعے کا مزید سنگین ہونا وطن عزیز کیلئے سخت نقصان کا باعث ہوگا، ابھی بات بہت دور نہیں گئی اسے سمیٹ لینا زیادہ بہتر ہے، ہمارے بیرونی دشمنوں کی پشت پناہی سے ٹی ٹی پی اور بی ایل اے پاکستانی ریاست کے خلاف سٹرٹیجک الائنس بنا چکے ہیں۔اپنے بیان میں سعد رفیق نے کہا کہ دہشتگردی کے عفریت سے نجات کیلئے افواج، سکیورٹی اداروں اور عوام (بقیہ نمبر 55)

پاکستان کسٹمز، کلکٹریٹ آف کسٹمز انفورسمنٹ کوئٹہ کی بڑی کارروائی

سرانان میں 58 کروڑ 52 لاکھ روپے مالیت کی 115 کلوگرام افیون برآمد

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان کسٹمز، کلکٹریٹ آف کسٹمز انفورسمنٹ، کوئٹہ نے منشیات کی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بناتے ہوئے سرانان میں ایک خفیہ مقام سے 115 کلوگرام افیون برآمد کر لی جس کی تخمینہ شدہ مارکیٹ مالیت 58 کروڑ 52 لاکھ روپے ہے۔یہ کارروائی کسٹمز موبائل اسکواڈ، ہیلپلی نے مخبر کے ذریعے موصول ہونے والی مصدقہ اطلاع کی بنیاد پر عمل میں لائی۔اطلاع کے مطابق سرانان میں منشیات کی ایک کھیپ خفیہ طور پر چھپائی گئی تھی، جسے کوئٹہ اسمگل کیے جانے کا امکان تھا۔اطلاع موصول ہوتے ہی کسٹمز ٹیم نے فوری کارروائی کرتے ہوئے تقریباً ساڑھے بارہ بجے دوپہر مذکورہ مقام سے پیکنگ سمیت (بقیہ نمبر 56)